رزق



رزق حلال

MERITEHREER786@GMAIL.COM

موجودہ دور میں بے روزگاری، رزق کی تنگی، جادوٹونہ، آسیب و جنات، رشتوں میں رکاوٹ، اولاد کی بندش، زوجین میں بے اتفاقی، والدین کی نافرمانی، حمل کا ساقط ہو جانا، رزق میں بے برکتی اور دیگر تمام مسائل کیلئے اور بالخصوص خودکش حملوں سے حفاظت کیلئے قرآن وسنت سے اولیاء عظام کے اخذ کردہ صدری وظائف اور مجرب تعویذات، لوحات ہر خاص وعام کیلئے پیش خدمت ہیں۔ ہوٹلوں، کارخانوں، دکانوں اور مکانوں کیلئے خصوصی لوح جو مکمل ہاتھ سے خصوصی چلہ میں استخراج کی گئی ہے اور سات ستاروں کی جامع لوح، آفتاب میں سورۃ الاخلاص، نادعلی مشک وزعفران سے تیار شدہ محدود تعداد میں دستیاب ہیں اور وزراء کرام، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور انتہائی حساس عہدوں پر فائز حکام کیلئے خاص الخاص لوح زندگی کا پروٹوکول دستیاب ہے۔

رزق حلال کے بیان میں

اپنی روزی کو حرام چیزوں سے محفوظ رکھنے، مشتبہ اشیاء کے استعمال سے بچنے اور رزق حلال کمانے کے بیان میں۔ رزق حلال تمام اعمال صالحہ کی بنیاد ہے۔

اللہ رب العزت کا فرمان ہے۔

فرمان صحابی

''یٰٓاَیُّھَا الرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا۔''

''اے (میرے) پیغمبروں! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھے کام کرو۔''

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فرمان ہے کہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی اتنی عبادت کرے کہ وہ کمان کی رسی کی طرح پتلا ہو جائے تب بھی اس کی عبادت اس وقت تک اسے کوئی فائدہ نہیں دے گی۔ جب تک وہ اکل حلال اور تقویٰ کو اپنا پیشہ نہ بنالے اگر چہ اس سے اس کی کمر کمان کی لکڑی کے دونوں کناروں کی طرح ٹیڑھی ہو جائے۔

ایک مجرب عمل برائے کشادگی رزق

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص روزانہ سورۂ ماعون (جو تیسویں (۳۰) پارہ میں ہے) روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور شروع کرنے کے اور بعد الصلوٰۃ حضرت محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیج کر وسعت رزق کی دعا کرے گا تو وہ اور اس کی اولاد کسی کی محتاج نہیں رہے گی۔

کشادگی رزق کے لیے ایک اور طریقہ

جناب رسول خداؐ نے ارشاد فرمایا: جو شخص لکھے سورہ کہف کو اور اس کو کسی ایسے شیشے کے برتن میں رکھے کہ جس کا منہ تنگ ہو اور اس کو رکھے مکان میں تو اس مکان میں رہنے والے سبھوں کے لیے روزی کشادہ ہو جائے گی مجرب ہے۔

برائے تونگری وفراخی روزی مجرب

حضرت رسول مقبولؐ نے ارشاد فرمایا کہ برائے فراخی روزی وتونگری اس آیت قرآنی کا معہ متذکرہ دعا کے پڑھنا بہت ہی مفید ہے۔لہذا ضرورت مندوں کو چاہیے کہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔
چاہیے کہ اس کو روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد اثر دیکھیں بشرطیکہ تقوی کے ساتھ زندگی بسر کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْجَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيٍ قَدْرًا يَا مُقَلِبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا مُدَبِرَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارِ يَا وَمَحَوِلَ الْحَوْلَ وَالْحَوَالِ حَوْلِ حَالَنَا اِلٰى اَحْسَنِ لِحَالِ (از آثار اہل بیت صفحہ ۹۳)

برائے تونگری وفراخی روزی مجرب

حضرت رسول مقبولؐ نے ارشادفرمایا کہ برائے فراخی روزی وتونگری اس آیت قرآنی کا معہ متذکرہ دعا کے پڑھنا بہت ہی مفید ہے۔لہذا ضرورت مندوں کو چاہیے کہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

چاہیے کہ اس کو روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد اثر دیکھیں بشرطیکہ تقوی کے ساتھ زندگی بسر کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰه يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰه بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْجَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيٍ قَدْرًا يَا مُقَلِبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا مُدَبِرَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارِ يَا وَمَحَوِلَ الْحَوْلَ وَالْحوَالِ حَوْلِ حَالنَا اِلىٰ اَحْسَنِ لحَالِ (از آثار اہل بیت صفحہ ۹۳)

وظیفہ برائے دفع فقر ووسعت رزق

مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ روزانہ ایک ایک مرتبہ سورۂ واقعہ وسورۂ مزمل وسورۂ واللیل اور الم نشرح کا کا پڑھنا دافع فقر اور باعث وسعت رزق ہے اور بعد پڑھنے ان متذکرہ سوروں کے اس دعا کو پڑھنا چاہیے۔

يَا رَزَّاق السَّائِلِيْنَ يَارَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُوْمِنِيْن يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍوَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَاكْفِيْنِىْ بِحَلالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِك وَاغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَنْ سِوَاك يَا اِلٰه الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَجْمَعِيْن۔ (از آثار اہل بیت صفحہ ۱۰۵)

وظیفہ برائے دفع فقر و وسعت رزق

مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ روزانہ ایک ایک مرتبہ سورۂ واقعہ و سورۂ مزمل و سورۂ واللیل اور الم نشرح کا پڑھنا دافع فقر اور باعث وسعت رزق ہے اور بعد پڑھنے ان متذکرہ سوروں کے اس دعا کو پڑھنا چاہیے۔

يَا رَزَّاقَ السَّائِلِيْنَ يَارَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَاكْفِيْنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَاغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ اَجْمَعِيْنَ. (از آثار اہل بیت صفحہ ۱۰۵)

www.yallaah.wordpress.com
Bismillah to join..

ایک وظیفہ برائے وسعت رزق

آئمہ طاہرین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کو بروز جمعہ ستر مرتبہ پڑھے تو اس دعا کو پڑھتے ہوئے (۳) جمعہ نہ گزریں گے کہ پروردگار عالم اس پڑھنے والے کو اپنے فضل سے غنی فرما دے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَامُفِيْدُ يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْدُ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَن مَعَصِيْتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

(از آثار اہل بیت صفحہ ۱۰۷)

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے۔ برائے دفع درد عرق النساء یہ دعا بہت ہی مفید ہے۔ جس مقام سے درد شروع ہوتا ہو اس جگہ پر ہاتھ رکھے اور جس مقام تک درد پہنچتا ہو وہاں تک ہاتھ پھیرے اور اس دعا کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِاسْمِ اللّٰهِ الْكَثِيْرِ وَاَعُوْذُ بِاسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَفَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۔

اور اسی طرح درد عرق النساء کے لیے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سات مرتبہ اس آیت کو بھی پڑھ کر دم کرے۔ (از آثار اہل بیت صفحہ ۱۶۱)

ایک وظیفہ برائے وسعت رزق

آئمہ طاہرین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کو بروز جمعہ ستر مرتبہ پڑھے تو اس دعا کو پڑھتے ہوئے (۳) جمعہ نہ گزریں گے کہ پروردگار عالم اس پڑھنے والے کو اپنے فضل سے غنی فرما دے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَامُفِيْدُ يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْد اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَن مَعَصِيْتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

(از آثار اہل بیت صفحہ ۱۰۷)

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے۔ برائے دفع درد عرق النساء یہ دعا بہت ہی مفید ہے۔ جس مقام سے درد شروع ہوتا ہو اس جگہ پر ہاتھ رکھے اور جس مقام تک درد پہنچتا ہو وہاں تک ہاتھ پھیرے اور اس دعا کو پڑھے۔ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذ بِاسْمِ اللّٰهِ الْكَثِيْرِ وَاَعُوْذ بِاسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْم مِنْ شَرِكُلِّ عَرْقٍ نَفَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۔**

اور اسی طرح درد عرق النساء کے لیے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سات مرتبہ اس آیت کو بھی پڑھ کر دم کرے۔ (از آثار اہل بیت صفحہ ۱۶۱)

باسمہ

اچھے اخلاق میں ایک بڑی اعلیٰ صفت رزقِ حلال ہے۔ اس کا اثر پوری زندگی پر پڑتا ہے۔ زندگی بھی متاثر ہوتی ہے اور آخرت کا انجام بھی۔ جب حلال رزق کی بجائے حرام رزق پہنچنا شروع ہوجائے تو زندگی کے اندر فساد پیدا ہوتا ہے' معاشرہ بگڑتا ہے' دعائیں قبول نہیں ہوتیں اور نیک اعمال بھی فائدہ نہیں پہنچاتے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد جس کو مسلم ' ترمذی اور دیگر احادیث کی کتابوں میں روایت کیا گیا ہے' اسی رزق حلال کے موضوع پر ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ کسی ایسی چیز کو قبول نہیں کرتا جو پاک نہ ہو''۔ اللہ تعالیٰ نے ایمان لانے والوں کو ہر اس بات کی ہدایت کی ہے اور ہر اس بات کا حکم دیا ہے جس بات کی ہدایت اور حکم اس نے اپنے رسولوں کو دیا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ (المومنون: ۵۱) اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔ جو کچھ بھی تم کرتے ہو وہ میں جانتا ہوں''۔ پھر نبی کریمؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی کہا ہے کہ اے ایمان لانے والو! جو کچھ بھی ہم نے تم

کو رزق دیا ہے اس میں سے پاکیزہ چیزوں کو کھاؤ۔ آپؐ نے ایک آدمی کا ذکر کیا کہ وہ لمبا سفر کرتا ہے' اس کے بال بکھرے ہوئے ہیں' گرد آلود ہیں' گرد میں بری طرح اٹا ہوا ہے' وہ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلاتا ہے اور دعا کرتا ہے' کہ اے میرے رب' اے میرے رب' حالانکہ اس کا کھانا بھی حرام ہے' اس کا پینا بھی حرام ہے' اس کا لباس بھی حرام ہے اور اس کی پرورش بھی حرام سے کی گئی ہے۔ اس آدمی کی پکار کیسے سنی جائے گی؟

یہ طویل حدیث اپنے اندر بہت سارے سبق رکھتی ہے۔

پہلی بات تو خود نبی کریمؐ کا یہ قول ہے کہ اللہ تعالیٰ خود طیب ہے اور وہ اسی چیز کو پسند کرتا ہے جو طیب ہو۔ کیونکہ اللہ کی صفت کا یہ تقاضا ہے کہ کوئی ایسی چیز جو حلال سے دور ہو' حرام سے قریب ہو' وہ صدقہ ہو' عمل ہو' خرچ ہو' وہ اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ صدقہ صرف وہی نہیں ہوتا کہ جو آدمی کسی غریب اور فقیر کو دے دے بلکہ نبی کریمؐ نے صدقے کی یہ تعریف فرمائی ہے کہ ہر وہ مال جو آدمی حق کی ادائیگی میں خرچ کرتا ہے صدقہ ہے۔ اپنے آپ پر خرچ کرتا ہے' جسم کو کھلاتا ہے' پلاتا ہے تاکہ اس کی صحت برقرار رہے' وہ دنیا کے کام کر سکے اور آخرت کما سکے تو وہ بھی صدقہ ہے۔ اپنے رشتہ داروں کو اپنے اہل وعیال کو اگر وہ مال دیتا ہے اور ان پر خرچ کرتا ہے تو وہ بھی صدقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ وہی عمل قبول کرتا ہے جو پاک ہو اور وہی مال قبول کرتا ہے جو پاکیزہ ہو۔ قرآن مجید میں اس کی تشریح بہت جگہ فرمائی گئی ہے۔

اس لیے نبی کریمؐ نے واضح طور پر ہدایت فرمائی کہ اللہ کے حضور ناپاک مال پیش مت کرو' اور وہ مال بھی اللہ کی راہ میں نہ دو جو ناکارہ ہو اور کسی کام کا نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ خود طیب ہے' اسی لیے وہ اعمال میں سے اور مال میں سے اسی چیز کو قبول فرماتا ہے جو پاکیزہ ہو۔ چنانچہ اگر حرام کی کمائی ہے اور حرام مال سے اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے اور بندوں کے حقوق ادا کیے جائیں تو یہ اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔

دوسری بات آپؐ نے یہ فرمائی کہ جس بات کا اللہ نے اپنے رسولوں کو حکم دیا ہے اسی بات کا اس نے ایمان لانے والوں کو حکم دیا ہے۔ کچھ اعمال تو ضرور ایسے ہیں کہ جو اللہ کے رسولوں کے لیے خاص ہیں لیکن اللہ نے اپنے رسولوں کو ان ساری ہدایات اور احکام کا پابند کیا ہے جن کا مطالبہ وہ رسولوں پر ایمان لانے والوں سے کرتا ہے۔ ''اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ (البقرۃ ۲:۲۸۴) ''رسول اس ہدایت پر ایمان لایا ہے جو اس کے رب کی طرف اس پر نازل ہوئی ہے''۔ اللہ کا رسول بھی اسی طرح ایمان لاتا ہے جس طرح ایمان لانے والے ایمان لاتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اگر اللہ کے رسول خود ایمان رکھتے ہیں تو اسی بات کی ہدایت اور حکم ایمان لانے والوں کو بھی ہے کہ صحیح اور سچا' پکا ایمان رکھیں۔ اگر ان سے عمل صالح کا مطالبہ ہے تو سارے مومنین سے بھی عمل صالح کا مطالبہ ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے رسولوں سے یہ چاہا ہے کہ جو حق ان کو دیا گیا ہے' وہ اس کو پہنچائیں اور اس کی تبلیغ کریں تو سارے ایمان لانے والوں سے بھی یہی مطالبہ ہے۔

نبی کریمؐ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ الْمُرْسَلِيْنَ، اللہ نے مومنین کو ان ساری باتوں کا حکم دیا ہے اور تاکید فرمائی ہے جس کا حکم اس نے ان کو دیا ہے جن کو اس نے اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے۔ یہ بات کہنے کے بعد نبی کریمؐ نے دو آیات کی تلاوت فرمائی۔ پہلی آیت میں تو یہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو کس بات کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ قرآن مجید کی آیت ہے: يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ، یعنی جو پاکیزہ چیزیں ہیں وہی کھاؤ۔ جو آدمی کھاتا ہے اس کے تین معنی ہوتے ہیں۔ پہلی بات یہ کہ جو غذا اس کے جسم میں جا رہی ہے' اس میں شراب' سور کا گوشت' مردار یا کوئی اور شے جسے اللہ نے اور اس کے رسولؐ نے حرام قرار دیا ہے' شامل نہ ہو۔ یہ تو ظاہراً بھی ناپاک ہیں اور بالعموم شاید ہی کوئی مسلمان جو اللہ سے ذرا بھی تعلق رکھتا ہو' اور اس کی اطاعت کرنا چاہتا ہو' وہ جانتے بوجھتے کوئی ایسی حرام چیز کھائے گا جس کو اللہ نے کھلم کھلا واضح طور پر حرام قرار دے دیا ہو۔

دوسری بات یہ ہے کہ بعض چیزیں اس لیے حرام نہیں ہوتیں کہ وہ فی نفسہ اپنی ذات میں حرام ہیں بلکہ وہ اس لیے حرام ہو جاتی ہیں کہ وہ حرام ذرائع سے حاصل کی گئی ہیں۔ غصب کا مال ہے' ناجائز مال ہے' کسی کا حق مار لیا ہے' رشوت ہے' سود کا مال ہے' یہ سب حرام ہے۔ کسی روپے پیسے پر تو نہیں لکھا ہوا ہوتا کہ یہ حرام ہے۔ اس سے جو کھانا پکتا ہے اور آدمی کھاتا ہے' اس پر بھی کہیں نہیں لکھا ہوا ہوتا کہ یہ کھانا حرام ہے۔ اس طرح وہ لذیذ کھانا جو دستر خوان پر موجود ہے حرام ہوتا ہے۔ اللہ نے جو فرمایا ہے کہ طیبات کھاؤ تو اس سے وہ غذا مراد ہے جو پاکیزہ ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔

تیسری بات یہ ہے کہ کھانے کا لفظ ہم ہر قسم کے مال کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کھاؤ پیو کے معنی ہوتے ہیں کہ مال کو آدمی جس طرح بھی چاہے استعمال کرے اور اپنے مصرف میں لائے۔ مال کھانا اور استعمال کرنا اسی کی تعریف میں آتا ہے۔ اللہ نے اپنے رسولوں کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ طیبات' یعنی پاکیزہ چیزیں کھائیں کیونکہ اللہ تعالیٰ خود پاک ہے' پاکیزہ چیزوں کو پسند فرماتا ہے' پاکیزہ چیزوں کو قبول کرتا ہے' اس لیے وہی چیزیں کھاؤ جو اللہ نے پاک کی ہیں اور نیک عمل کرو۔

اس کے بعد آپؐ نے دوسری آیت تلاوت فرمائی جو آپ کی اسی بات کی تصدیق کرتی ہے کہ اللہ نے جن باتوں کی ہدایت اپنے رسولوں کو دی ہے اس کے اندر ان کے سارے ماننے والے شریک ہیں۔ جس بات کا مطالبہ اس نے اپنے رسولوں سے کیا ہے اس کا مطالبہ سارے ماننے والوں سے کیا ہے۔ چنانچہ دوسری آیت آپؐ نے تلاوت فرمائی کہ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ کہ ایمان لانے والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو رزق میں عطا کی ہیں۔ یہاں پر بھی کھانے کا لفظ ان تینوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ وہ چیز فی نفسہ بھی حلال ہو' وہ حلال ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔ بالعموم دستر خوان پر آنے والا کھانا ہی نہیں بلکہ ہر وہ مال جو آدمی استعمال

دوسری بات یہ ہے کہ بعض چیزیں اس لیے حرام نہیں ہوتیں کہ وہ فی نفسہ اپنی ذات میں حرام ہیں بلکہ وہ اس لیے حرام ہو جاتی ہیں کہ وہ حرام ذرائع سے حاصل کی گئی ہیں۔ غصب کا مال ہے' ناجائز مال ہے' کسی کا حق مار لیا ہے' رشوت ہے' سود کا مال ہے' یہ سب حرام ہے۔ کسی روپے پیسے پر تو نہیں لکھا ہوا ہوتا کہ یہ حرام ہے۔ اس سے جو کھانا پکتا ہے اور آدمی کھاتا ہے' اس پر بھی کہیں نہیں لکھا ہوا ہوتا کہ یہ کھانا حرام ہے۔ اس طرح وہ لذیذ کھانا جو دستر خوان پر موجود ہے حرام ہوتا ہے۔ اللہ نے جو فرمایا ہے کہ طیبات کھاؤ تو اس سے وہ غذا مراد ہے جو پاکیزہ ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔

تیسری بات یہ ہے کہ کھانے کا لفظ ہم ہر قسم کے مال کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کھاؤ پیو کے معنی ہوتے ہیں کہ مال کو آدمی جس طرح بھی چاہے استعمال کرے اور اپنے مصرف میں لائے۔ مال کھانا اور استعمال کرنا اسی کی تعریف میں آتا ہے۔ اللہ نے اپنے رسولوں کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ طیبات' یعنی پاکیزہ چیزیں کھائیں کیونکہ اللہ تعالیٰ خود پاک ہے' پاکیزہ چیزوں کو پسند فرماتا ہے' پاکیزہ چیزوں کو قبول کرتا ہے' اس لیے وہی چیزیں کھاؤ جو اللہ نے پاک کی ہیں اور نیک عمل کرو۔

اس کے بعد آپؐ نے دوسری آیت تلاوت فرمائی جو آپ کی اسی بات کی تصدیق کرتی ہے کہ اللہ نے جن باتوں کی ہدایت اپنے رسولوں کو دی ہے اس کے اندر ان کے سارے ماننے والے شریک ہیں۔ جس بات کا مطالبہ اس نے اپنے رسولوں سے کیا ہے اس کا مطالبہ سارے ماننے والوں سے کیا ہے۔ چنانچہ دوسری آیت آپؐ نے تلاوت فرمائی کہ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ کہ ایمان لانے والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو رزق میں عطا کی ہیں۔ یہاں پر بھی کھانے کا لفظ ان تینوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ وہ چیز فی نفسہ بھی حلال ہو' وہ حلال ذرائع سے حاصل کی گئی ہو۔ بالعموم دستر خوان پر آنے والا کھانا ہی نہیں بلکہ ہر وہ مال جو آدمی استعمال

کرتا ہو' وہ پاک مال ہو جو اللہ نے دیا ہے۔

آپؐ نے ایک آدمی کا ذکر کیا اور اس آدمی کا ذکر آپؐ نے جس انداز میں کیا وہ بڑا سننے اور دل میں یاد رکھنے کے قابل ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ آدمی لمبا سفر کرتا ہے' بال بکھرے ہوئے ہیں' گرد و غبار سے اٹا ہوا ہے۔ یہ کس آدمی کا ذکر ہے۔ یہ اس آدمی کا ذکر بھی ہوسکتا ہے جو مال کمانے کے لیے دن رات اپنے آپ کو لگائے رکھتا ہے' اس کے لیے سفر بھی کرتا ہے' محنت بھی کرتا ہے' اپنا وقت بھی لگاتا ہے' حلیہ بھی خراب رہتا ہے' گرد و غبار کے اندر اٹ جاتا ہے۔ پرانے زمانے میں مال کمانے کے لیے سفر کرنے پڑتے تھے اور سفر بھی کاروں اور ہوائی جہازوں میں نہیں ہوتے تھے بلکہ دھوپ اور گرد میں اٹ کر ہوتے تھے' یعنی اتنا سفر مال کمانے کے لیے کرتا ہے۔ اتنی محنت کر کے جو مال کماتا ہے تو مال حرام ہوتا ہے۔

آگے چل کر ایک دوسرے معنی بھی ہیں اور وہ معنی یہ ہیں کہ آدمی نیکی اور عبادت کے لیے سفر کرتا ہے۔ اس سفر میں وہ پریشانیاں اور تکالیف اٹھاتا ہے۔ اس کا حلیہ خراب ہوتا ہے' بال گرد و غبار سے اٹے ہوئے ہیں۔ پورا جسم گرد و غبار سے اٹا ہوا ہے۔ یہ مثال اس سفر پر صادق آتی جو آدمی اللہ تعالیٰ کے گھر کی زیارت' طواف اور حج و عمرہ کے لیے کرتا ہے' یا کوئی بھی سفر جو آدمی کہیں بھی' کسی مقدس مقام پر کسی نیکی کے حصول کے لیے کرتا ہے۔ اس کے بعد وہ اپنے ہاتھ آسمان کی طرف پھیلاتا ہے اور گڑگڑا کے عاجزی کے ساتھ اپنے رب کو پکارتا ہے اور کہتا ہے کہ یا رب' یا رب' میرے رب' میرے رب میری سن لے۔ پھر حضورؐ فرماتے ہیں مَطْعَمُهٗ حَرَامٌ اس کا کھانا بھی حرام ہے' وَمَشْرَبُهٗ حَرَامٌ اور پینا بھی حرام ہے' وَمَلْبَسُهٗ حَرَامٌ اور لباس بھی حرام ہے۔ وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ جس سے جسم کا گوشت بنا ہے' رگ اور پٹھے بنے ہیں' جس غذا سے اس کی پرورش ہوئی ہے وہ بھی حرام ہے' تو ایسے آدمی کی دعا کہاں سے سنی جائے گی' کہاں سے قبول ہوگی۔

یہ بڑا ہی عبرت ناک منظر ہے کہ آدمی نیکی کی خاطر اور اللہ کی رضا کی خاطر سفر کرتا ہے۔ وہاں جا کر روتا دھوتا ہے' مال بھی خرچ کرتا ہے' سفر کی تکالیف بھی اٹھاتا ہے اور اللہ سے مانگتا بھی ہے' گڑگڑاتا بھی ہے' عاجزی بھی کرتا ہے' لمبی لمبی دعائیں کرتا ہے لیکن دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ اور دعائیں اس لیے قبول نہیں ہوتیں کہ جو مانگنے والا ہے اس کی پرورش حرام سے ہوئی ہے' جو لقمہ جسم کے اندر جا رہا ہے وہ حرام سے کمایا ہوا ہے' جو کچھ آدمی کو مل رہا ہے وہ حرام کا ہے اور جو کچھ پہنتا ہے وہ بھی حرام کا ہے۔ لہٰذا سب سے پہلی بات جو اس حدیث سے معلوم ہوتی ہے' وہ یہ ہے کہ اللہ کے حکم کی ایسی نافرمانی ہو تو دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ اس آدمی کی دعا نہیں سنی جاتی۔ ایسے آدمی کی دعا کیسے سنی جائے گی جو اللہ کی اتنی نافرمانیاں کر کے اس کے حضور میں حاضر ہوا ہے۔

دعاؤں کی قبولیت کا رزقِ حلال کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے۔ دوسری احادیث میں اس بات کو وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ پھر آپؐ نے اسی آیت سے ملتی جلتی آیت تلاوت فرمائی: يَآيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا، لوگو! زمین میں سے وہی چیزیں کھاؤ جو حلال اور پاکیزہ ہیں۔ نبی کریمؐ کے ایک بڑے قریبی صحابی حضرت سعد بن ابی وقاصؓ تھے۔ یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور فاتح ایران کہلاتے ہیں اور قادسیہ کی جنگ جس میں ایران فتح ہوا تھا' کمانڈر تھے۔ وہ کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ اے اللہ کے رسولؐ! آپؐ دعا کیجیے کہ میں مستجاب الدعوات ہو جاؤں' یعنی میں ایسا آدمی ہو جاؤں کہ جس کی دعا سنی جائے اور قبول ہو جائے۔ انھوں نے نبی کریمؐ سے درخواست کی کہ مجھے یہ مقام حاصل ہو کہ میں جو بھی مانگوں اور جو بھی طلب کروں' اللہ تعالیٰ کے سامنے جو دعا پیش کروں' وہ قبول کی جائے۔ آپؐ نے فرمایا: اے سعد' اپنے کھانے کو پاکیزہ رکھو' جو کماؤ' اپنے اوپر جو خرچ کرو' جو کھاؤ اور پیو' پاکیزہ ہو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو تم اس کے بعد ایسے ہو جاؤ گے کہ تمھاری دعائیں قبول ہوں گی۔ یہ بھی فرمایا کہ ایک حرام لقمہ پیٹ کے اندر ڈالا

جاتا ہے تو چالیس دن تک کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔

یہ طبرانی کی حدیث ہے جس میں یہ وعید سنائی گئی ہے کہ اگر ایک لقمہ بھی پیٹ میں ایسا جائے جو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہو تو چالیس دن تک کوئی عمل' نمازیں' روزے اور دوسری نیکیاں قبول نہیں ہوتیں۔ حدیث میں سُحْتٌ کا لفظ استعمال ہوا ہے اور سُحْتٌ کے لغوی معنی کسی چیز کی جڑ کاٹ دینا ہیں۔ قرآن مجید میں یہ لفظ یہودیوں کے ذکر میں کئی جگہ آیا ہے' وَاَکْلِهِمُ السُّحْتَ' یَاْکُلُوْنَ السُّحْتَ' یعنی خوب بڑھ بڑھ کر حرام کھاتے ہیں اور ان کے لیڈروں اور علما کو انھیں حرام کھانے سے منع کرنا چاہیے۔ سُحْت کا لفظ رشوت کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا جس جسم کی پرورش حرام کے مال سے کی گئی ہو' رشوت کے مال سے کی گئی ہو' آگ اس کی زیادہ مستحق ہے کہ وہ اس جسم کو کھائے' بجائے اس کے کہ اس کے اعمال اللہ کے ہاں قبول ہوں اور اس کی دعائیں قبول کی جائیں۔ اس حدیث سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ دعاؤں کی قبولیت کا انحصار رزق حلال پر ہے' اور اگر حرام مال ہو' حرام غذا ہو' حرام کمائی ہو تو دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔

یہ سوال ہمارے ذہن میں پیدا ہونا چاہیے اور اکثر پیدا بھی شاید ہوتا ہوگا کہ ہمارے ہاں دعاؤں کی تو کوئی کمی نہیں ہے' ہر نماز کے بعد ہم اللہ کے آگے ہاتھ پھیلا دیتے ہیں' خوب خوب دعائیں ہوتی ہیں' ہزاروں لاکھوں مسلمان دعائیں کرتے ہیں' اللہ کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے اللہ' اے اللہ' اے رب' اے رب' سن لے' روتے ہیں' گڑگڑاتے ہیں۔ رات کی تنہائیوں میں بھی دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ اللہ کے بہت سارے بندے ہیں جو راتوں کو کھڑے ہوتے ہیں' اندھیرے میں کھڑے ہوتے ہیں' ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں' اس کے آگے پیشانی ٹیک دیتے ہیں' گڑگڑا کے دعائیں مانگتے ہیں۔ لاکھوں آدمی اللہ کے گھر کا سفر کرتے ہیں' اپنا پیسہ خرچ کرتے ہیں' تکلیف اٹھاتے ہیں' گھر بار چھوڑتے ہیں' کاروبار ترک کرتے ہیں' حرم میں حاضر ہوتے ہیں' خانہ

کعبہ کے گرد چکر لگاتے ہیں' خانہ کعبہ کے دروازے سے چمٹ جاتے ہیں۔ جس نے بھی وہاں پر حاضری دی ہے' وہ ان مناظر کو خوب جانتا ہے۔ لوگ گڑگڑاتے ہیں' روتے ہیں۔ عرفات کے مقام پر لاکھوں آدمی جمع ہوتے ہیں اور اللہ کے آگے گڑگڑاتے ہیں' ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ اتنی دعائیں کی جاتی ہیں مگر اس امت کی حالت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ یہ سوال کیوں نہیں پیدا ہوتا؟ دعاؤں کی تو کوئی کمی نہیں ہے' رونے کی بھی کمی نہیں ہے' گڑگڑانے کی کمی نہیں ہے' عاجزی کی کمی نہیں ہے' مانگنے کی کمی نہیں ہے لیکن اس کے باوجود دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ اجتماعی دعائیں بھی اتنی کثرت سے مانگی جاتی ہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ دعائیں قبول نہیں ہوتی ہیں؟

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ دعاؤں کے ساتھ کوشش اور عمل صالح نہیں ہوتا۔ قرآن مجید نے خود ہی اس بات کی وضاحت فرمائی ہے کہ عمل صالح ہی سے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ عبادت کی قبولیت کا انحصار اسی پر ہے کہ اس کے ساتھ نیک عمل ہو اور نیک عمل سے جو چیز بڑھ کر ہے وہ رزق حلال ہے۔ بنی اسرائیل کے ذکر میں کئی دفعہ اس کا ذکر ہوا ہے۔ لوگوں کو سود کھانے سے' دوسروں کا مال باطل طریقوں سے کھانے سے روکا گیا ہے۔ یہ وہ چیزیں ہیں جن کی وجہ سے ہم نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے اور ان پر لعنت کر دی ہے۔ یہی تو ان سے میثاق تھا' یہی تو ان سے وعدہ تھا کہ وہ اللہ کے احکام کی پابندی کریں گے۔ اللہ نے پہلے انسان کی جو آزمائش کی تھی' وہ یہ تھی کہ دیکھو! اس درخت کے قریب مت جانا۔ وہ درخت کیا تھا۔ اس کے اندر کیا خواص تھے' ہم کو یہ جاننے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ یہ دیکھیں کہ یہ حکم کس لیے دیا گیا تھا۔ فرمایا گیا کہ دیکھو! اس کے قریب مت جانا اور انسان کے اندر یہی غلطی ہے کہ جس چیز سے روکا جائے وہ اسی کے قریب جائے اور اسی کو کھائے۔ جس پھل سے' جس پیسے سے' جس مال سے' جس غذا سے روک دیا گیا ہے اس کے پیچھے جائے' اسی کو کھائے۔ یہی جنت سے نکلنے

کا سبب تھا اور یہی جنت سے دور رہنے کا سبب بھی ہے۔ اسی وجہ سے یہ کیفیت مسلط ہو جاتی ہے کہ لوگ دعائیں مانگتے ہیں اور وہ دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔

یہ حدیث ایک طویل حدیث ہے۔ اس میں قرآن کی آیات کا بھی حوالہ ہے۔ یہ اصول بھی بیان ہوا ہے کہ اللہ خود پاک ہے اور پاک چیزوں کو قبول کرتا ہے۔ یہ حدیث اس راز کو کھول کر بیان کر دیتی ہے۔ اگر یہ راز واقعی راز ہے اور یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہزاروں' لاکھوں' کروڑوں مسلمان جمع ہوتے ہیں' گڑگڑاتے ہیں' دعائیں مانگتے ہیں وہ کیوں قبول نہیں ہوتیں۔ ہم میں سے ہر آدمی اپنے مال کا جائزہ لے سکتا ہے۔ اور اگر اپنے مال کا جائزہ لینا گراں گزرے تو مجموعی طور پر آپ دیکھ لیں کہ معاشرے کی حالت کیا ہے۔ مختلف پہلوؤں سے آپ دیکھیں۔ وہ مال جو آدمی نے کسی دوسرے کا غصب کر لیا ہو' کسی کا حق مار لیا ہو' وہ مال تو سرے سے ہی ناجائز ہے۔ اس کے بارے میں بڑی سخت وعیدیں آئی ہیں۔ فرمایا گیا ہے کہ اگر کسی نے کسی کا مال ناحق کھا لیا' غصب کر لیا' اپنے مال میں ملا لیا تو اللہ نے اس کے اوپر جنت کو حرام کر دیا اور آگ کو حلال کر دیا۔ لوگوں نے پوچھا کہ اگرچہ بہت معمولی چیز ہو۔ آپؐ نے فرمایا: اگرچہ پیلو کے درخت کی ایک شاخ ہی کیوں نہ ہو۔ اتنی کم چیز بھی ہو تو اللہ نے کسی کا مال ناجائز غصب کرنے اور کسی کا حق مار لینے کو سب سے بڑھ کر حرام قرار دیا ہے۔ اگر آدمی سود لے تو شاید اس میں کسی دوسرے کا حق نہ مارا جا رہا ہو لیکن یہ تو سب سے بڑھ کر ہے کہ ایک آدمی پر ظلم بھی ہوا ہو' اس کا حق بھی مارا گیا ہو اور پھر اس آدمی نے اس حق کو اپنے مال میں ملا لیا۔ کسی کا حق مارنا' کسی کا حق غصب کرنا اور اس مال کو کھانا اور اس کو پہننا اور اس کو پینا اور اس سے اپنی پرورش کرنا' اس طرح جب حرام غذا شامل ہو گئی تو جسم سے جو صدا اللہ کو پکارنے کے لیے اٹھے گی وہ کہاں سنی جائے گی۔ ایسے آدمی کی کون سنے گا اور کیوں سنے گا۔

ایک تو آدمی جانتے بوجھتے مال غصب کرتا ہے' ایک رواج ہو جاتا ہے۔ میراث کا

حکم بڑا واضح اور صاف ہے۔ اللہ نے جہاں میراث کے احکام بیان کیے ہیں وہاں قرآن کا انداز بڑا واضح اور بڑا سخت ہے اور نبی کریمؐ نے بھی اس کی بڑی واضح تشریح فرمادی ہے۔ کسی وارث کو اس کے ورثے سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ کوئی وارث کسی دوسرے کا مال اپنے قبضے میں لاکر استعمال نہیں کرسکتا۔ مال کی وصیت بھی ایک تہائی سے زیادہ جائز نہیں ہے۔ لیکن سب جانتے ہیں کہ ورثے کے اندر خورد برد بہت عام ہے۔ ایک تو رواج ہی چلا آتا ہے کہ لڑکیوں کو اور عورتوں کو ورثے سے محروم کردیا جاتا ہے۔ اچھے اچھے لوگ غور نہیں کرتے کہ عورتوں کے جس حصے کو ان کے رب نے ان کو متعین کرکے دے دیا تھا' وہ انھوں نے کیسے رکھ لیا۔ اس کے بارے میں سورہ نساء کے اندر بڑی وعید ہے اور ایسے آدمی کو جو ورثے کے اندر زیادتی اور تجاوز کرتا ہے جہنم کی خوش خبری سنائی گئی ہے۔ لوگ چھوٹی چھوٹی چیزوں کی پروا نہیں کرتے۔ مرنے والے کی ہر چیز ورثہ ہے' اس کا لباس' اس کے جوتے' اس کے استعمال کی چیزیں' اس کا مال ہر چیز' ایک ایک آنہ بلکہ ایک ایک پائی پر بھی وارثوں کا حق ہے۔

رشوت معاشرے کے اندر اتنی عام ہوگئی ہے کہ اب یہ تصور بھی نہیں کیا جاتا کہ اس کے بغیر معاشرہ قائم رہ سکتا ہے۔ یہ آہستہ آہستہ معاشرے کی جڑیں کاٹتی چلی جارہی ہے۔ اس کی وجہ سے حق اور انصاف رخصت ہوگیا ہے۔ کسی کو یہ یقین نہیں ہے کہ میرا حق بغیر رشوت کے مل سکتا ہے۔ کسی بھی کاروبار کے اندر' کسی بھی معاملے کے اندر لوگ خوب بڑھ کر ہاتھ مارتے ہیں اور رشوت کھاتے ہیں۔ ویسا ہی حال ہے جیسا قرآن مجید نے بنی اسرائیل کے بارے میں کثرت سے ذکر کیا ہے کہ حرام کا مال کھانے والے ہیں۔ ان پر اللہ کا جو غضب نازل ہوا' وہ اسی وجہ سے نازل ہوا ہے۔

اَلرَّاشِیُ وَالْمُرْتَشِیُ کِلَا ھُمَا فِیُ النَّارِ' رشوت لینے والا اور دینے والا دونوں ہی جہنم میں جائیں گے۔ رشوت حکمرانوں کے لیے اور کسی بھی انسان کے لیے

ناجائز ہے۔ ایک صاحب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ وصول کرنے کے لیے بھیجا۔ اس زمانے میں یہ حکومت کا ایسا منصب تھا جس طرح آج کل انکم ٹیکس آفیسر ہوتے ہیں۔ وہ صدقہ وصول کرنے کے لیے گئے۔ بالکل ٹھیک ٹھیک' صاف صاف معاملہ کر کے آئے۔ کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی' بے انصافی نہیں کی۔ صدقے کا مال وصول کیا اور اللہ کے رسولؐ کے پاس لا کر حاضر کر دیا اور کہا کہ یہ صدقہ ہے۔ کچھ اور بھی مال ان کے پاس تھا۔ حضورؐ نے پوچھا کہ یہ مال تمھارے پاس کہاں سے آیا؟ انھوں نے کہا کہ لوگوں نے یہ مجھے ہدیے کے طور پر دیا ہے۔ نہ کوئی ایسا ثبوت تھا نہ کوئی ایسی بات تھی کہ ہدیہ قبول کر کے ان صاحب نے کوئی زیادتی کی ہو' کوئی نا انصافی کی ہو یا بیت المال کے اندر کوئی خیانت کی ہو۔ لیکن آپؐ نے کہا: اگر تم گھر بیٹھے رہتے تو کیا تمھیں یہ مال ملتا؟ چنانچہ آپؐ نے سارا مال ضبط کر کے بیت المال میں داخل کر دیا۔ تو یہ بھی رشوت کی تعریف میں آتا ہے۔

ایک آدمی کہتا ہے کہ میں نے کوئی زیادتی نہیں کی ہے' بے انصافی بھی نہیں کی ہے' حقدار کو حق ادا کر دیا ہے' اس تحفے اور ہدیے سے کیا فرق پڑتا ہے۔ لیکن یہی مال تو رشوت خوری ہے جو آہستہ آہستہ انصاف کی' حق کی اور حقوق کی ادائیگی کی جڑ کاٹ دیتا ہے اور معاشرہ کھوکھلا ہوتا چلا جاتا ہے۔ حکمران بیرونی آقاؤں سے رشوت لیتے ہیں۔ سودے کرنے والے اور معاہدے کرنے والے ان سے رشوت کھاتے ہیں۔ سیاسی معاہدے رشوت کے بل پر ہو جاتے ہیں۔ قوموں کی آزادی کے سودے رشوت کے بل پر ہو جاتے ہیں۔ مسلمانوں کی تاریخ اس بات سے بھری ہوئی ہے۔ اسپین میں مسلمان ایک ایک کر کے اس لیے ضائع ہوتے گئے کہ ان کے حکمران اور ان کے امرا عیسائی بادشاہوں سے رشوت لیتے تھے اور مسلمان حکومتوں کی جڑیں کھوکھلی کرتے اور کاٹتے تھے۔ اسی لیے سحت کے معنی جڑ کاٹنے کے ہیں جو رشوت کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

سود کے بارے میں فرمایا گیا ہے: وَاَخۡذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدۡ نُهُوۡا عَنۡهُ وَاَكۡلِهِمۡ

اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ (النساء ۴:۱۶۱)' سود لیتے ہیں جس سے انھیں منع کیا گیا ہے اور لوگوں کے مال ناجائز طریقوں سے کھاتے ہیں۔ سود کے خلاف اعلان جنگ کیا گیا ہے۔ سود کے اس پیسے کے اندر کیا گندگی ہوتی ہے' یہ تو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے لیکن سود حرص اور لالچ کو بڑھاتا ہے۔ آدمی چاہے کہ بغیر محنت کے اور کمائی کے مال آتا جائے اور یہ بات معاشرے کے اندر پھیل جائے تو اس کے اندر فساد پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بغیر محنت کے مال کمانے کی اور مال حاصل کرنے کی حرص اور لالچ پیدا ہو جائے تو معاشرے کی پوری کی پوری بنیادیں ڈھے جاتی ہیں۔ اسی لیے فرمایا گیا کہ سود تو اتنی بڑی برائی ہے اور سود سے یہ خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔

ایک خرابی ناپ تول میں کمی کرنا ہے جو بڑی عام ہے۔ اتنی پھیلی ہوئی ہے کہ آدمی جہاں بھی مال لیتا ہے تو اس میں خیال کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے کہ کتنا حرام ملا ہے اور کتنا حلال۔ گنے کے کاشت کار ملوں پر آتے ہیں' گنا فروخت کرتے ہیں' تول میں فرق ہوتا ہے اور اس طرح مل مالک کاشت کاروں کو ان کے نفع سے محروم کر دیتے ہیں۔

ناپ تول کی کمی اتنی عام ہو تو اس سے قومیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔ ناپ تول کی کمی سے بھی حرام کی کمائی آتی ہے۔ اسی ناپ تول کی کمی سے خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ کراچی کے ایک بہت بڑے تاجر ہیں' ان کی بڑی دوکانیں بھی ہیں' کاروبار بھی ہیں' فیکٹریاں بھی ہیں اور دین دار بھی ہیں۔ کہنے لگے کہ میں آپ کو اپنا واقعہ بتاؤں کہ ایک دفعہ میں نے یہ سوچا کہ میں بالکل حلال کھاؤں گا۔ میں اپنی بہن کے پاس گیا اور کہا کہ آپ اپنی حلال کی کمائی سے سو روپے یا پچاس روپے مجھے دے دیں۔ وہ بہت پریشان ہوئیں کہ لکھ پتی اور کروڑ پتی آدمی مجھ سے اتنے سے پیسے مانگ رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی حلال کی کمائی کھاؤں۔ چنانچہ میں منڈی میں گیا اور میں نے پیاز خریدا' پیاز مجھے پانچ روپے سیر ملا۔ باہر آیا تو معلوم ہوا کہ پیاز ہر جگہ تین روپے سیر بک رہا ہے۔

میں نے ٹھیلے والوں سے پوچھا کہ یہ کیا کرشمہ ہے کہ منڈی کے اندر پانچ روپے بکتا ہے اور تم اس کو تین روپے سیر دیتے ہو۔ اس نے ایک ترازو پکڑ لیا کہ اس کے بل پر ہے' کم تولتے ہیں اور نفع کما لیتے ہیں۔ بڑے بڑے لوگ جن کو اللہ نے لاکھوں کروڑوں دیا ہے فیکٹریاں چلا رہے ہیں' بڑی بڑی دکانیں ہیں' ان کے ہاں بھی اگر ناپ تول میں کمی ہو تو یہ بھی اسی حرام کی تعریف میں آتا ہے۔

یہ حدیث جو میں نے آپ کے سامنے پڑھی ہے اس میں نبی کریمؐ نے فرمایا کہ اللہ نے صرف پاکیزہ کھانے کی اجازت دی ہے' وہی قبول بھی فرماتا ہے۔ آپؐ نے جس آدمی کا ذکر کیا ہے وہ تو بڑا عبرت ناک ہے۔ ایک آدمی لمبے سفر کرتا ہے' اس میں مشقت اٹھاتا ہے' سر کے بال پریشان ہیں' پرانے زمانے کے سفر کا ذکر ہے دھول اور گرد پڑی ہوئی ہے اور کپڑے بھی گرد سے اٹے ہوئے ہیں۔ اور اللہ کے آگے ہاتھ پھیلائے ہوئے کہتا ہے یا رب' یا رب۔ اے میرے رب' اے میرے رب۔ روتا ہے' گڑگڑاتا ہے' آنسو بہاتا ہے' مانگتا ہے لیکن اس حال میں آیا ہے کہ کھانا بھی حرام' پینا بھی حرام' لباس بھی حرام' جو جسم بنا ہے وہ بھی حرام سے بنا ہے۔ ایسے آدمی کی دعا کیسے سنی جائے گی!

اگر آج ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اتنی دعاؤں کے باوجود دعائیں قبول نہیں ہوتیں تو اس کا سراغ اس حدیث کے اندر موجود ہے۔ معاشرہ جاہلیت کے اندر مبتلا ہے' معاشرے کے اندر ظلم ہے' معاشرے کے اندر آدمی مجبور ہو جائے لیکن کم سے کم جو چیز ہمارے اختیار میں ہے اس کے لیے تو ہم قابل مواخذہ ہیں۔ اللہ کے سامنے کوئی کہتا ہے' کہ اے اللہ! میں مجبور تھا' کوئی چیز میرے اختیار میں نہیں تھی۔ کوئی آدمی اس کے لیے تو مجبور نہیں ہے کہ پچاس لاکھ کا نفع ضرور کمائے۔ آدمی مجبور اس لیے ہوتا ہے کہ قناعت کے ساتھ اپنی زندگی گزارے۔ وہ بھی ممکن نہ ہو تو اللہ کے سامنے شاید اپنی جواب دہی کر سکے۔ لیکن ہر آدمی کے اختیار میں ہے کہ وہ اپنی کمائی کو حلال کرے' اپنے رزق کو حلال کرے' لقمہ منہ میں جائے تو حلال کا جائے'

لباس پہنے تو حلال کا پہنے۔ ورنہ یہ نیک اعمال' یہ نمازیں' یہ صدقات ان میں سے کیا چیز فائدہ دے سکتی ہے۔ دعا کیوں نہیں قبول ہو رہی؟ اس لیے کہ قوم کے اتنے گھر ایسے ہوں گے جو حرام سے پل رہے ہیں۔ ایک تو گرد و غبار میں حرام موجود ہے اور وہ ہر ایک کو جا کے لگتا ہے۔ لیکن ہمیں سوچ کے فیصلہ کرنا چاہیے کہ جس کمائی کے اوپر میرا اختیار ہے' جس حرام کو رد کرنا میرے اختیار میں ہے' اس کے لیے مجبور نہیں ہوں' مضطر نہیں ہوں' کم سے کم میں اس سے اپنا دامن بچاؤں گا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ برکت دے گا' دعائیں قبول ہوں گی' اللہ کی مدد ساتھ ہوگی اور حالات بھی ٹھیک ہوں گے۔

جس حدیث کا مطالعہ کیا گیا ہے' اس کا اُردو ترجمہ درج ذیل ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بے شک اللہ پاک ہے اور وہ پاکیزہ چیز کو ہی قبول کرتا ہے۔ بے شک اللہ نے مومنین کو بھی اس چیز کا حکم دیا جس کا اپنے رسولوں کو حکم فرمایا: ''اے میرے انبیاء' پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو'' اور مومنین کے بارے میں فرمایا: ''اے ایمان والو! اس پاکیزہ رزق میں سے کھاؤ جو ہم نے تمھیں دیا''۔ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی کی مثال بیان کی جس نے لمبا سفر کیا۔ اس کے بال پراگندہ ہیں' چہرہ غبار آلودہ ہے۔ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھاتا اور کہتا ہے: اے رب! اے رب! حالانکہ اس کا کھانا حرام' اس کا پینا حرام' اس کا لباس حرام اور حرام طریقے سے پرورش ہوئی۔ پس ایسے شخص کی دعا اللہ کے ہاں کیونکر قبول ہوگی؟ (رواہ مسلم)

ooo

﴿رازق صرف اللہ سبحان وتعالیٰ﴾

انسان کو رزق ملتا اتنا ہی ہے جو اللہ نے
اس کی پیدائش کے وقت لکھ دیا ہے

اسے حلال یا حرام طریقے سے حاصل کرنا صرف
اور صرف انسان کے اختیار میں ہے

اللہ سے مانگیں تو یہ مانگیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَّافِعًا
وَّ رِزۡقًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

http://www.facebook.com/azaadpakistan

"اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔"

(سنن ابن ماجہ)

Share پر کلک کریں اور نیکیوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع

رزق میں کشادگی اور نوکری کے لئے

ایک صحابی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی ہے (یعنی رزق میں برکت نہیں بہت تنگدست ہوں) فرمایا کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو تسبیح ہے ملائکہ کی اور جس کی برکت سے روزی دی جاتی ہے خلق دنیا آئے گی تیرے پاس ذلیل وخوار ہو کر طلوع فجر (صبح صادق) کے ساتھ سو بار کہا کر

سُبۡحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ۔

سات دن گزرے تھے کہ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی کہ "حضور میرے پاس اس کثرت سے آرہا ہے کہ حیران ہوں کہاں اٹھاؤں کہاں رکھوں۔

Fountain of islam

فراخیٔ رِزق کی دُعا

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

"اے میرے رب! تو جو بھلائی بھی میری طرف نازل کرے، بلاشبہ میں اس کا محتاج ہوں۔"

(سورۃ قصص:24/28)

Facebook.com/MajlisEilmi

مجلس علمی سوسائٹی

کثرتِ رزق کے TOP 10 اسباب

1. استغفار کرنا (سورۃ نوح :10،11،12)
2. تقویٰ اختیار کرنا (سورۃ الطلاق:2،3)
3. اللہ کی ذات پر توکل کرنا (مسند احمد بن حنبل:205)
4. حسبِ حیثیت صدقہ خیرات کرنا (سورۃ سبا:39)
5. شکر کرنا (سورۃ ابراہیم:7)
6. صلہ رحمی کرنا (صحیح بخاری:5986)
7. پاکدامنی کے لیے شادی کرنا (سنن النسائی:3218)
8. لگاتار حج وعمرہ کرنا (سنن الترمذی:810)
9. گناہوں کو چھوڑ دینا (سنن ابن ماجہ:4022)
10. صبح سویرے رزق کی تلاش میں نکلنا (سنن ابی داؤد:2608)

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

مہمان اپنا رزق لے کر آتا ہے۔

اور صاحبِ خانہ کے گناہ لے کر جاتا ہے۔

(بحار الانوار، جلد ۷۵ صفحہ ۴۶۱)

رزق میں کشادگی اور نوکری کے لئے

ایک صحابی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی ہے (یعنی رزق میں برکت نہیں بہت تنگدست ہوں) فرمایا کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو تسبیح ہے ملائکہ کی اور جس کی برکت سے روزی دی جاتی ہے خلق دنیا آئے گی تیرے پاس ذلیل و خوار ہو کر طلوع فجر (صبح صادق) کے ساتھ سو بار کہا کر

سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحٰنَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔

سات دن گزرے تھے کہ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی کہ "حضور میرے پاس اس کثرت سے آرہا ہے کہ حیران ہوں کہاں اٹھاؤں کہاں رکھوں۔

عبقری اکتوبر 2013

رزق میں برکت

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار مرتبہ یَاوَھَّابُ پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہو گی۔

Facebook.com\ubqari www.ubqari.org Twitter.com\ubqari

میری تھیوری یہ ہے کہ جس وقت حرام رزق جسم میں داخل ہوتا ہے وہ انسانی جینز کو متاثر کرتا ہے۔ رزق حرام سے ایک خاص قسم کی میوٹیشن ہوتی ہے جو خطرناک ادویات، شراب اور ریڈیشن سے بھی زیادہ مہلک ہے۔ رزق حرام سے جو جینز تغیر پزیر ہوتے ہیں وہ لولے لنگڑے اور اندھے ہی نہیں ہوتے بلکہ ناامید بھی ہوتے ہیں۔ نسل انسانی سے یہ جینز جب نسل در نسل ہم میں سفر کرتے ہیں تو ان جینز کے اندر ایسی ذہنی پراندگی پیدا ہوتی ہے جس کو ہم پاگل پن کہتے ہیں۔ یقین کر لو رزق حرام سے ہی ہماری آنے والی نسلوں کو پاگل پن وراثت میں ملتا ہے۔ وہ جن قوموں میں من حیث القوم رزق حرام کھانے کا لپکا پڑ جاتا ہے۔ وہ من حیث القوم دیوانی ہونے لگتی ہیں۔

راجہ گدھ

www.facebook.com/BanoQudsia

کشادگی رزق کے اصول

اللہ پر بھروسہ کرنا

یعنی آدمی کے دل میں یہ عقیدہ پختہ ہونا چاہئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا ہے تو روزی بھی وہی دے گا، اس نے میرے دنیا میں آنے سے قبل ہی میری روزی لکھ دی ہے۔ سورہ طلاق میں ہے: وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اور جو شخص اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ اس کے لئے کافی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم اللہ پر توکل کرتے جیسا کہ توکل کا حق ہے تو وہ تمہیں اس طرح رزق دیتا جیسے پرندوں کو رزق دیتا ہے وہ صبح کو خالی پیٹ جاتے ہیں اور شام کو بھرے پیٹ واپس آجاتے ہیں۔ (ترمذی)

عجیب بات ہے کہ اگر کوئی کافر کسی آدمی کو یقین دہانی کرائے کہ تم یہ کام کرو میں تیرے کھانے کا بندوبست کرتا ہوں تو آدمی اس پر بھروسا کر لیتا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ مسلمان اللہ پر بھروسا نہیں کرتا؟

تقویٰ اختیار کرنا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: جو شخص اللہ سے ڈر اختیار کرے گا اللہ اس کے لئے مشکلات سے نکلنے کا راستہ پیدا کرے گا اور اس کو وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ (سورہ طلاق)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں اگر لوگ اس پر عمل کر لیں تو ان کے لئے کافی ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔ جو شخص اللہ سے ڈر اختیار کرے گا اللہ اس کے لئے مشکلات سے نکلنے کا راستہ پیدا کرے گا اور اس کو وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ (مشکوٰۃ ص ۴۵۳)

ہمیشہ باوضو رہنا

ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ میرا رزق کشادہ ہو جائے، تو آپ ﷺ نے فرمایا! باوضو رہا کرو، تمہارے رزق میں کشادگی ہوگی۔ (کنز العمال)

اہتمام نماز

''اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے! اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرتے رہیں اور اس پر ہم آپ سے رزق نہیں مانگتے بلکہ روزی تو ہم آپ کو دینگے۔'' (سورۃ طٰہٰ)

یعنی ہم تم سے یہ مطالبہ نہیں کرتے کہ تم اپنا اور اپنے اہل وعیال کا رزق اپنے زور علم وعمل سے پیدا کرو بلکہ یہ معاملہ ہم نے اپنے ذمّے لے رکھا ہے کیونکہ رزق کی تحصیل دراصل انسان کے بس میں ہے ہی نہیں۔ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد نبی کریم ﷺ حضرت فاطمہ اور علی کے گھر روزانہ صبح جا کر آواز دیتے تھے الصلوٰۃ الصلوٰۃ نماز پڑھو نماز پڑھو۔ (قرطبی وروح المعانی)

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابنِ آدم تو میری عبادت کے لئے اپنے آپ کو فارغ کر لے تو میں تیرے سینے کو غناء واستغناء سے بھر دونگا اور تیری محتاجی کو دور کر دونگا اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تیرا سینہ فقر اور مشغولیت سے بھر دونگا اور محتاجی دور نہ کروں گا (یعنی جتنا مال بڑھتا جائے گا حرص بھی اتنی ہی بڑھتی چلی جائیگی اس لئے ہمیشہ محتاج رہے گا۔'' (ترمذی)

﴿جاری ہے.....﴾

﴿جامع مسجد رفاہ عام﴾

FIKR-E-AKHIRAT

www.fikreakhirat.org

برائے وسعت رزق

عمل:۔ يَا وَاسِعُ کو وسعت رزق کے لئے مداومت کرے گا تو ہرگز محتاج نہ ہوگا مجرب ہے۔

فراخی روزی کا عمل:۔

فراخی روزی اور استجابات دعا اور برآنے مطالب کے لیے وضو کر کے نماز سے پہلے سات سو مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ اور سات سو مرتبہ دشوار ہو تو نماز کے بعد بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

MADANI PHOOL

یَوْمِ وِصَال

حضرت مولانا شاہ حافظ

فضل الرحمن مدنی قادری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ

۲۶ شوال المکرم ۱۴۲۳ھ

رِزْق کا ضامِن

فرمانِ شہنشاہِ بنی آدم صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلم:

"مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ تَكَفَّلَ اللّٰهُ لَهٗ بِرِزْقِهٖ

یعنی جو شخص طلبِ علم میں رہتا ہے، اللہ تعالٰی اس کے رِزْق کا ضامِن ہے!!

(تاریخ بغداد، رقم: ۱۵۳۵، ج ۳، ص ۳۹۸)

www.dawateislami.net

نیک اچھے خیال مانگا کر
دولت لازوال مانگا کر

تجھکو دیگا ضرور رَبِ کریم
رَب سے رزقِ حلال مانگا کر

INCOME GENERATION SCIENCE

آمدن بڑھانا

مولانا ڈاکٹر dr aftabsiddiqi@yahoo.com
0312- 699 6321

Feb-14

گھر بیٹھے سٹوڈنٹس جاب لیس افراد 3- 4 گھنٹے لگا کر کچھ کما سکتے ہیں۔

0321- 4404714 Design

رزق کی تلاش

یہ دیکھیں کہ کون سے مواقع ہیں۔ کیا رجحانات ہیں۔
کون سے مواقع موجود ہیں۔

Contact with Over Seas Employment corporation.
Ministry of HR.

امکانات کی تلاش کریں اس کے لیے حکمت عملی مرتب کریں۔
یورپ میں جاب کے مواقع ہیں۔
کوریا میں مواقع ہیں + کینیڈا میں۔

پاکستانی محنتی قوم ہے۔

SECURE FINANCIAL FUTURE

— 1903-2014: گارڈن ٹاؤن میں ایک ہوٹل کے مالک نے allied پراڈکٹ Develope کی ہوئی ہیں وہ فرنیچر کا کام کرتا تھا۔ اس میں نقصان ہوا تو دوسری پراڈکٹ سروسز کھڑی کرلیں۔ مثلاً اس نے کرائے پر خوم گدے Pillow وغیرہ کرائے پر دینا شروع کردیں۔ یونیورسٹی سٹالز لگاتا ہے اور اسمیں Canteen بنا کر 2- 3 دن میں کافی پیسے بنا لیتا ہے۔ دوسرے ہوٹلوں کے مالک سے رابطے ہوتے ہیں۔ اپنے گاہک ادھر ادھر بھیجتا ہے اور اس طرح بھی کما لیتا ہے۔ آپ بھی اپنے areas سوچیں

- کیریئر کونسلنگ Career Councelling والوں سے مشورہ کریں۔

HR والوں سے ملیں اپنی صلاحیتیں کیسے explore کریں۔
اور سائیکالوجسٹ سے ملیں وہ آپ کو بتائیں گے۔

INCOME GENERATION SCIENCE

آمدن بڑھانا

مولانا ڈاکٹر dr aftabsiddiqi@yahoo.com
0312- 699 6321

Feb-14

گھر بیٹھے سٹوڈنٹس جاب لیس افراد 3- 4 گھنٹے لگا کر کچھ کما سکتے ہیں۔

0321- 4404714 Design

رزق کی تلاش

یہ دیکھیں کہ کون سے مواقع ہیں۔ کیا رجحانات ہیں۔
کون سے مواقع موجود ہیں۔

Contact with Over Seas Employment corporation.
Ministry of HR.

امکانات کی تلاش کریں اس کے لیے حکمت عملی مرتب کریں۔
یورپ میں جاب کے مواقع ہیں۔
کوریا میں مواقع ہیں + کینیڈا میں۔

پاکستانی محنتی قوم ہے۔

SECURE FINANCIAL FUTURE

— 1903-2014: گارڈن ٹاؤن میں ایک ہوٹل کے مالک نے allied پراڈکٹ Develope کی ہوئی ہیں وہ فرنیچر کا کام کرتا تھا۔ اس میں نقصان ہوا تو دوسری پراڈکٹ سروسز کھڑی کرلیں۔ مثلاً اس نے کرائے پر خوم گدے Pillow وغیرہ کرائے پر دینا شروع کردیں۔ یونیورسٹی سٹالز لگاتا ہے اور اسمیں Canteen بنا کر 2- 3 دن میں کافی پیسے بنا لیتا ہے۔ دوسرے ہوٹلوں کے مالک سے رابطے ہوتے ہیں۔ اپنے گاہک ادھر ادھر بھیجتا ہے اور اس طرح بھی کما لیتا ہے۔ آپ بھی اپنے areas سوچیں

- کیریئر کونسلنگ Career Councelling والوں سے مشورہ کریں۔

HR والوں سے ملیں اپنی صلاحیتیں کیسے explore کریں۔
اور سائیکالوجسٹ سے ملیں وہ آپ کو بتائیں گے۔

آسان روزی

- جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی — خالدون تک پڑھے گا۔ غنی ہو جائے گا۔ اور حق تعالیٰ اس کو محتاجی سے دور رکھے گا۔

بے روزگاری کا حل

جو کوئی ہر روز سو بار پڑھے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

حق تعالیٰ اس کو غنی کر دے گا اور محتاجی اور عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا

حدیث

— لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ~~العظیم~~ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پڑھے وہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔ اور 70 طرح کے نقصان و بلا سے محفوظ رہے گا۔ کہ اس میں سب سے چھوٹی بلا غم اور محتاجی ہے۔ اور جو کوئی اس کو روزانہ 1000 مرتبہ پڑھے خدا اس کو غنی کر دے گا۔

CUT 34+ 33 حاجت. 35+ 36 47-46 49-48

— باوضو رہیں روزی کشادہ ہو جائے گا حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

— چاشت کی نماز کے بعد یا باسِطُ (100) دس بار پڑھنے سے روزی میں فراخی ہوتی ہے۔

الذین یاکلون الربٰوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطه الشیطٰن من المس ط ذلك بانهم قالوآ انما البیع مثل الربٰوا واحل اللّٰه البیع و حرم الربوا فمن جآءه موعظة من ربه فانتهٰی فله ما سلف ط وامره الی اللّٰه ط ومن عاد فاولٰئك اصحٰب النار هم فیها خٰلدون

ترجمۂ کنزالایمان: وہ جو سود کھاتے ہیں قیامت کے دن نہ کھڑے ہوں گے مگر جیسے کھڑا ہوتا ہے وہ جسے آسیب نے چھوکر مخبوط (الحواس) بنادیا ہو یہ اسلئے (ہوا) کہ انہوں نے کہا کہ بیع (تجارت) بھی تو سود ہی کے مانند ہے اور (جان لو) اللہ نے حلال کیا بیع (تجارت) کو اور حرام کیا سود (کو) تو جسے اسکے ربّ کے پاس سے نصیحت آئی اور وہ (سود سے آئندہ کیلئے) باز رہا تو اسے حلال ہے جو پہلے لے چکا اور اس کا کام (اور معاملہ) خدا کے سپرد ہے اور جو اب (دوبارہ) ایسی (قبیح) حرکت کرے گا تو وہ دوزخی ہے وہ اس میں مدتوں (عذاب میں) رہیں گے۔

حصولِ رزقِ حلال اور حرام ذرائع سے اجتناب کے سلسلے میں بے شمار فرامین مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کتبِ حدیث میں موجود ہیں حصولِ رزقِ حلال کی بے شمار برکتیں اور فضیلتیں بیان کی گئی ہیں اور حرام ذرائع اختیار کرنے کی نہایت سخت وعیدیں اور دُنیوی واُخروی عذابات بیان فرمائے گئے ہیں۔

عوام وخواص تک اس فیضانِ نبوی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے سلسلے کو قائم رکھنے کیلئے انہی فیوضات سے کچھ انتخاب کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے۔ اللہ عزّ وجل راقم الحروف سمیت جملہ مسلمانان عالم کو حصولِ رزقِ حلال کی رغبت اور حرام اُمور سے بچنے کی سعادت نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین

﴿ برکات رزق حلال ﴾

جائز اور حلال ذریعے سے رزق حاصل کرنا اللہ عزّ وجل کی رضا کا باعث اور دنیوی واخروی زندگی میں بیشمار فضائل و برکات کا حامل ہے حصول برکت کیلئے چند احادیثِ طیبہ قلمبند کی جاتی ہیں۔

فریضہ طلب حلال

سیّدِ عالم، شاہِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، رزقِ حلال کی تلاش فرض عبادت کے بعد (سب سے بڑا) فریضہ ہے۔ (البیہقی سنن الکبریٰ)

پاکیزہ کمائی ؟

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا، یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! کون سی کمائی سب سے پاکیزہ ہے؟ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آدمی کا اپنے ہاتھ سے کمانا اور ہر جائز تجارت۔ (مسند امام احمد بن حنبل)

ذریعۂ بخشش

نبی پاک، صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، جس نے اپنے ہاتھوں کے ساتھ مزدوری کرتے ہوئے شام کی تو اس کی شام بخشش کے ساتھ ہوئی۔ (طبرانی، المعجم الاوسط)

حصولِ رزقِ حلال اور حرام ذرائع سے اجتناب کے سلسلے میں بے شمار فرامین مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کتبِ حدیث میں موجود ہیں حصولِ رزقِ حلال کی بے شمار برکتیں اور فضیلتیں بیان کی گئی ہیں اور حرام ذرائع اختیار کرنے کی نہایت سخت وعیدیں اور دُنیوی واُخروی عذابات بیان فرمائے گئے ہیں۔

عوام وخواص تک اس فیضانِ نبوی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے سلسلے کو قائم رکھنے کیلئے انہی فیوضات سے کچھ انتخاب کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے۔ اللہ عزّ وجل راقم الحروف سمیت جملہ مسلمانان عالم کو حصولِ رزقِ حلال کی رغبت اور حرام اُمور سے بچنے کی سعادت نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین

﴿ برکات رزق حلال ﴾

جائز اور حلال ذریعے سے رزق حاصل کرنا اللہ عزّ وجل کی رضا کا باعث اور دنیوی واخروی زندگی میں بیشمار فضائل و برکات کا حامل ہے حصول برکت کیلئے چند احادیثِ طیبہ قلمبند کی جاتی ہیں۔

فریضہ طلب حلال

سیّدِ عالم، شاہِ مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، رزقِ حلال کی تلاش فرض عبادت کے بعد (سب سے بڑا) فریضہ ہے۔ (البیہقی سنن الکبریٰ)

پاکیزہ کمائی ؟

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا، یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! کون سی کمائی سب سے پاکیزہ ہے؟ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آدمی کا اپنے ہاتھ سے کمانا اور ہر جائز تجارت۔ (مسند امام احمد بن حنبل)

ذریعۂ بخشش

نبی پاک، صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں، جس نے اپنے ہاتھوں کے ساتھ مزدوری کرتے ہوئے شام کی تو اس کی شام بخشش کے ساتھ ہوئی۔ (طبرانی، المعجم الاوسط)

جنت کی خوشخبری

رسولِ اکرم، نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جس نے پاکیزہ کھانا کھایا اور سنت کے مطابق عمل کیا اور لوگ اس کے شر سے محفوظ رہے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! آج آپ اُمت میں ایسے لوگ بہت ہیں۔ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، عنقریب میرے چند صدیاں بعد بھی ہوں گے۔ (جامع الترمذی، ابواب صفۃ القیامۃ)

کامیاب انسان ؟

رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے اسلام قبول کیا اور اسے بقدر کفایت رزق حلال عطا کیا گیا اور اللہ عزّ وجل نے اپنے عطا کردہ مال پر قناعت عطا کردی تو وہ شخص کامیاب ہوا۔ (صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ)

خوشخبری اور سعادت

شفیع المذنبین، انیس الغریبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جس کی روزی پاکیزہ ہو باطن اچھا ہو ظاہر عزت والا ہو اور جو لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے اس کیلئے خوشخبری ہے نیز جس نے اپنے علم پر عمل کیا اور ضرورت سے زائد مال (راہِ خدا عزّ وجل) میں خرچ کیا اور فضول گوئی سے رُکا رہا اس کیلئے سعادت ہے۔ (المعجم الکبیر)

حصول رزق حلال صدقہ ہے

شفیع معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے کہ آدمی کی اس سے بہتر کوئی کمائی نہیں کہ اپنے ہاتھ سے کام کر کے کھائے وہ جو کچھ اپنی ذات اپنے اہل خانہ اور اپنی اولاد اور اپنے خادم پر خرچ کرتا ہے وہ سب صدقہ ہے۔ (سنن ابن ماجہ)

گناہوں کا کفّارہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بعض گناہ ایسے ہوتے ہیں جن کو سوائے فکرِ طلبِ معیشت کے اور کوئی چیز دور نہیں کرتی ہے۔ (طبرانی، المعجم الاوسط)

ہر جاندار کا رزق مقرر ہے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ عزّ وجل سے ڈرو اور کمائی میں درمیانہ روی اختیار کرو کیونکہ کوئی جان اس وقت تک نہیں مرتی جب تک اس کا رزق پورا نہیں ہوجاتا، اگرچہ اس میں دیر لگے، لہٰذا خدا عزّ وجل سے ڈرو اور عمدہ طور پر روزی حاصل کرو، حلال کو لو اور حرام کو چھوڑ دو۔ (سنن ابن ماجہ)

چار خوبیاں

سیّد المبلغین، رحمۃ اللعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے، اگر تم میں چار خوبیاں ہوں تو تمہیں دنیا کی کسی محرومی سے نقصان نہ ہوگا: (۱) امانت کی حفاظت (۲) سچی بات کہنا (۳) حسن اخلاق اور (٤) پاک (حلال) کھانا۔ (مسند امام احمد بن حنبل)

اللہ عزّ وجل کا محبوب

رسول انام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ بے شک اللہ عزّ وجل محنت کرنے والے مومن کو محبوب رکھتا ہے۔ (بیہقی، شعب الایمان)

دیانتدار تاجر

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم، شفیع معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، دیانتدار (اور) امانتدار تاجر (بروزِ محشر اور جنت میں) حضراتِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام، حضرات صدیقین رحمہم اللہ اور حضراتِ شہداء کے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی وابن ماجہ)

قرآن عظیم اور وسعت رزق

قرآن عظیم میں اللہ عزّ وجل نے حصول رزق کے احکامات کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر وسعتِ رزق کے اسباب بھی بیان فرمائے ہیں کہ حصول رزق حلال کیلئے جدوجہد کرنے والے کو مزید وسعت و برکت سے نوازا جائے گا۔

اللہ عزّ وجل تمام مسلمانوں کو بصد خلوص ان اسباب وسعت پر عمل پیرا ہونے کی سعادت عطا فرمائے۔ آمین

راہ خدا عزّ وجل میں خرچ کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ البقرہ آیت نمبر ۲۶۱ میں ارشاد فرماتا ہے:

مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللّٰہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مائۃ حبۃ ط واللّٰہ یضٰعف لمن یشآء ط واللّٰہ واسع علیم

ترجمۂ کنزالایمان: ان کی کہاوت (اور مثال) جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس (گندم کے) دانہ کی طرح (ہے) جس نے اگائیں سات بالیں (اور) ہر بال میں سو دانے (ہوں) اور اللہ (عزّ وجل) اس سے بھی زیادہ بڑھائے جس کیلئے چاہے اور اللہ (عزّ وجل) وسعت والا (اور) علم والا ہے۔

خرید و فروخت کے دوران فرائض کی بجا آوری

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ النور آیت نمبر ۳۷، ۳۸ میں ارشاد فرماتا ہے:

رجال لا لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللّٰہ و اقام الصلوٰۃ و ایتآء الزکوٰۃ لا یخافون یوما تتقلب فیہ القلوب والابصار لا لیجزیھم اللّٰہ احسن ما عملوا و یزیدھم من فضلہٖ ط واللّٰہ یرزق من یشآء بغیر حساب o

ترجمۂ کنزالایمان: وہ مرد جنہیں غافل نہیں کرتا کوئی سودا اور نہ خرید و فروخت اللہ کی یاد اور نماز برپا رکھنے اور زکوٰۃ دینے سے (کیونکہ وہ) ڈرتے ہیں اس دن سے جس میں الٹ (دیئے) جائیں گے دل اور آنکھیں تاکہ اللہ (عزّ وجل) انہیں بدلہ دے ان کے سب سے بہتر کام کا اور اپنے فضل سے انہیں انعام (واکرام) زیادہ دے اور اللہ (عزّ وجل) روزی (میں وسعت) دیتا ہے جسے چاہے بے گنتی (اور بے حد و شمار)۔

شکر ادا کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ ابراہیم آیت نمبر ۷ میں ارشاد فرماتا ہے:

واذ تاذن ربکم لئن شکرتم لا زیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید o

ترجمۂ کنزالایمان: اور یاد کرو جب تمہارے ربّ (عزّ وجل) نے سنا دیا کہ اگر (میری نعمتوں کا شکر کرتے ہوئے میرا) احسان مانو گے تو میں تمہیں اور (زیادہ) دوں گا اور اگر (احسان فراموش ہوکر) ناشکری کرو (گے) تو (جان لو) میرا عذاب (نہایت) سخت ہے۔

سخاوت کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ سبا آیت نمبر ۳۹ میں ارشاد فرماتا ہے:

قل ان ربی یبسط الرزق لمن یشآء من عبادہٖ یقدر لہ ط

ومآ انفقتم من شئ فھو یخلفہ ج وھو خیر الرّٰزقین

ترجمۂ کنزالایمان: تم فرماؤ بیشک میرا ربّ رزق وسیع فرماتا ہے اپنے بندوں میں (سے) جس کیلئے چاہے اور تنگی فرماتا ہے جس کیلئے چاہے اور جو چیز تم اللہ (عزّ وجل) کی راہ میں خرچ کرو (گے) وہ اس کے بدلے اور (سعت) دے گا اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

زکوٰۃ ادا کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ الروم آیت نمبر ۳۹ میں ارشاد فرماتا ہے:

ومآ اٰتیتم من ربا لیربوا فی اموال الناس فلا یربوا عند اللّٰہ ج

ومآ اٰتیتم من زکوٰۃ تریدون وجہ اللّٰہ فاولٰٓئک ھم المضعفون

ترجمۂ کنزالایمان: اور تم جو زیادہ لینے کو دور کر دینے والے کے مال بڑھیں تو وہ اللہ (عزّ وجل) کے یہاں نہ بڑھے گی اور جو تم خیرات (اور زکوٰۃ) دو اللہ (عزّ وجل) کی رضا چاہتے ہوئے تو انہیں کے (اجر اور گناہ) دونوں (دگنے ہوجاتے) ہیں۔

ایمان اور تقویٰ کا اجر

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ الاعراف آیت نمبر ۹۶ میں ارشاد فرماتا ہے:

ولو ان اهل القرٰی اٰمنوا واتقوا لفتحنا علیهم برکٰت
من السمآء والارض ولکن کذبوا فاخذنٰهم بما کانوا یکسبون

ترجمۂ کنزالایمان: اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور (اللہ عزّ وجل سے) ڈرتے تو ضرور ہم ان پر آسمان اور زمین سے (وسعتِ رزق کی) برکتیں کھول دیتے مگر انہوں نے جھٹلایا تو ہم نے انہیں ان کے کئے پر گرفتار کیا۔

نکاح کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ النور آیت نمبر ۳۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وانکحوا الایامٰی منکم والصلحین من عبادکم وامآئکم ط
ان یکونوا فقرآء یغنهم اللّٰه ممن فضلهٖ ط واللّٰه واسع علیم

ترجمۂ کنزالایمان: اور نکاح کردو اپنوں میں ان کا جو بے نکاح ہوں اور اپنے لائق بندوں اور کنیزوں کا اگر وہ فقیر (تنگدست) ہوں تو (فکر نہ کرو) اللہ (عزّ وجل) انہیں غنی کردے گا اپنے فضل (وکرم) کے سبب اور اللہ (عزّ وجل) وسعت والا علم والا ہے۔

خشیت الٰہی اور توکل

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ الطلاق آیت نمبر ۲، ۳ میں ارشاد فرماتا ہے:

ومن یتق اللّٰه یجعل له مخرجا لا ویرزقه من حیث لا یحتسب ط ومن یتوکل
علی اللّٰه فهو حسبه ط ان اللّٰه بالغ امرهٖ ط قد جعل اللّٰه کل شی قدرا ٥

ترجمۂ کنزالایمان: اور جو اللہ (عزّ وجل) سے ڈرے (تو) اللہ (عزّ وجل) اس کیلئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان (بھی) نہ ہو (گا) اور جو اللہ (عزّ وجل) پر (کامل) بھروسہ کرے تو وہ اسے (رزق پہنچانے اور وسعت دینے میں) کافی ہے بیشک اللہ (عزّ وجل) اپنا کام پورا کرنے والا ہے، بیشک اللہ (عزّ وجل) نے ہر چیز کا ایک اندازہ (مقرر کر) رکھا ہے۔

اھل خانہ سمیت نماز قائم کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ طٰہٰ آیت نمبر ۱۳۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وامر اھلك بالصلوٰۃ واصطبر علیھا لا نسئلك رزقا نحن نرزقك والعاقبۃ للتقوٰی o

ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنے گھر والوں کو نماز (قائم کرنے) کا حکم دے اور خود (بھی) اس پر ثابت رہ۔
کچھ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے (بلکہ) ہم تجھے روزی دیں گے اور انجام کا بھلا (صرف) پرہیزگاری (ہی) کیلئے (ہے)۔

تلاوت اور ظاھر اور پوشیدہ صدقہ کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ فاطر آیت نمبر ۲۹، ۳۰ میں ارشاد فرماتا ہے:

ان الذین یتلون کتٰب اللّٰہ واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم سرا و علانیۃ یرجون
تجارۃ لن تبور لا لیوفیھم اجورھم و یزیدھم من فضلہٖ ط انہ غفور شکور o

ترجمۂ کنزالایمان: بیشک وہ جو اللہ (عزّ وجل) کی کتاب (غور و تدبر سے) پڑھتے ہیں اور نماز قائم رکھتے (ہیں)
اور ہمارے دیئے سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ اور ظاہر (تو) وہ ایسی تجارت کے اُمیدوار ہیں (کہ)
جس میں ہرگز ٹوٹا (یعنی کوئی نقصان) نہیں تاکہ ان کے (اجرو) ثواب انہیں بھرپور دے اور اپنے فضل سے
اور زیادہ (وسعت) عطا کرے بیشک وہ (ربّ العالمین) بخشنے والا (اور) قدر فرمانے والا ہے۔

اھل خانہ سمیت نماز قائم کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ طٰہٰ آیت نمبر ۱۳۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وامر اھلك بالصلوٰۃ واصطبر علیھا لا نسئلك رزقا نحن نرزقك والعاقبۃ للتقوٰی o

ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنے گھر والوں کو نماز (قائم کرنے) کا حکم دے اور خود (بھی) اس پر ثابت رہ۔
کچھ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے (بلکہ) ہم تجھے روزی دیں گے اور انجام کا بھلا (صرف) پرہیزگاری (ہی) کیلئے (ہے)۔

تلاوت اور ظاھر اور پوشیدہ صدقہ کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۂ فاطر آیت نمبر ۲۹، ۳۰ میں ارشاد فرماتا ہے:

ان الذین یتلون کتٰب اللّٰہ واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقنٰھم سرا و علانیۃ یرجون
تجارۃ لن تبور لا لیوفیھم اجورھم و یزیدھم من فضلہٖ ط انہ غفور شکور o

ترجمۂ کنزالایمان: بیشک وہ جو اللہ (عزّ وجل) کی کتاب (غور و تدبر سے) پڑھتے ہیں اور نماز قائم رکھتے (ہیں)
اور ہمارے دیئے سے کچھ ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ اور ظاہر (تو) وہ ایسی تجارت کے اُمیدوار ہیں (کہ)
جس میں ہرگز ٹوٹا (یعنی کوئی نقصان) نہیں تاکہ ان کے (اجرو) ثواب انہیں بھرپور دے اور اپنے فضل سے
اور زیادہ (وسعت) عطا کرے بیشک وہ (ربّ العالمین) بخشنے والا (اور) قدر فرمانے والا ہے۔

قرآن عظیم اور تنگیٔ رزق

قرآن عظیم میں اسباب وسعت کے ساتھ ساتھ تنگیٔ رزق کے اسباب بھی بیان ہوئے ہیں کہ جن کے بارے میں مکمل جانکاری و آگاہی حاصل کرنا ہر مسلمان پر لازم ہے لہٰذا آسودگی اور وسعت کے طالب کیلئے ان اسباب پر غور و تفکر کے بعد ان سے کنارہ کشی اختیار کرنا وسعتِ رزق کا بہترین سبب ہے۔

اللہ عزّ وجل تمام مسلمانوں کو اسباب وسعت اختیار کرنے اور تنگی رزق کے اسباب سے اجتناب کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور رزقِ حلال کی برکات سے مالا مال فرمائے۔ آمین

ناشکری کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ النحل آیت نمبر ۱۱۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وضرب اللّٰہ مثلا قریۃ کانت اٰمنۃ مطمئنۃ یاتیھا رزقھا رغدا من کل مکان فکفرت بانعم اللّٰہ فاذاقھا اللّٰہ لباس الجوع والخوف بما کانو یصنعون o

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ (عزّ وجل) نے کہاوت (مثال) بیان فرمائی (کہ) ایک بستی کہ امان واطمینان سے تھی ہر طرف اس کی روزی کثرت سے آتی تو وہ اللہ (عزّ وجل) کی نعمتوں کی ناشکری کرنے لگی، تو اللہ (عزّ وجل) نے اسے یہ سزا چکھائی کہ اسے بھوک اور ڈر کا پہناوا پہنایا (یہ ہے) بدلہ ان کے کئے کا۔

بخل کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ النساء آیت نمبر ۳۷ میں ارشاد فرماتا ہے:

الذین یبخلون ویامرون الناس بالبخل ویکتمون مآ اٰتٰھم اللّٰہ من فضلہٖ ط واعتدنا للکٰفرین عذابا مھینا o

ترجمۂ کنزالایمان: جو (خود) آپ بخل کریں اور اوروں (دوسروں) سے (بھی) بخل کیلئے کہیں اور اللہ (عزّ وجل) نے جو انہیں اپنے فضل سے (رزق وتجارت) دیا ہے اسے چھپائیں اور (جان لو کہ) کافروں کیلئے ہم نے ذِلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

فضول خرچی کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ الاعراف آیت نمبر ۳۱ میں ارشاد فرماتا ہے:

وکلوا واشربوا ولا تسرفوا ج انہ لا یحب المسرفین

ترجمۂ کنزالایمان: اور کھاؤ اور پیئو (ہمارے دیئے رزق سے) اور (فضول خرچی کرنے میں) حد سے نہ بڑھو بیشک حد سے بڑھنے والے اسے پسند نہیں۔

ذکرِ الٰہی (عزّ وجل) سے غفلت

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ المنفقون آیت نمبر ۹ میں ارشاد فرماتا ہے:

یا ایھا الذین اٰمنوا لا تلھکم اموالکم ولآ اولادکم عن ذکر اللّٰہ ج

ومن یفعل ذٰلک فاولٰئک ھم الخٰسرون

ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! تمہارے مال نہ تمہاری اولاد کوئی چیز تمہیں اللہ (عزّ وجل) کے ذکر سے غافل نہ کردے اور جو ایسا کرے تو وہی لوگ نقصان میں ہیں۔

مال و دولت پر تکبر کرنا

اللہ عزّ وجل قرآن عظیم میں سورۃ القصص آیت نمبر ۵۸ میں ارشاد فرماتا ہے:

وکم اھلکنا من قریۃ م بطرت معیشتھا ج فتلک مسٰکنھم

لم تسکن من بعدھم الا قلیلا ط وکنا نحن الوٰرثین

ترجمۂ کنزالایمان: اور کتنے شہر ہم نے ہلاک کردیئے جو اپنے عیش پر اترا گئے تھے تو یہ ہیں ان کے مکان کہ ان کے بعد ان میں سکونت نہ ہوئی مگر کم اور ہمیں وارث ہیں۔

احادیثِ نبویہ اور کشائش رزق

قرآن عظیم کی طرح احادیثِ مبارکہ میں بھی کشائش رزق اور ترقی تجارت کے بیشمار اسباب ذکر ہوئے ہیں حصولِ رزقِ حلال سے محبت اور ترغیب وتاکید کیلئے چند روایات پیش کی جاتی ہیں۔

تجارت میں برکت ہے

سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے، تجارت کرو کیونکہ رزق کے دس حصے ہیں نو حصے فقط تجارت میں ہیں۔
(ابن ماجہ)

صلہ رحمی سے رزق بڑھتا ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں وسعت اور مال میں برکت ہو وہ اپنے رِشتہ داروں سے نیک سلوک کرے۔ (صحیح البخاری)

ضعیفوں سے حسنِ سلوک

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول انام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کیا تمہیں مدد و رزق کسی اور کے سبب بھی ملتا ہے سوائے اپنے ضعیفوں کے.....؟ (صحیح البخاری)

صدقہ کی کثرت

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اللہ عزّ وجل کے ساتھ اپنی نسبت (تعلق) دُرست کرو، اس کی یاد کی کثرت کرو اور خفیہ وظاہر صدقہ کی تکثیر سے ایسا کروگے تو روزی دیئے جاؤ گے قابل ستائش رہوگے اور تمہاری شکستگیاں درست کی جائیں گی۔ (الترغیب والترہیب)

وسعتِ رزق کا نبوی نسخہ

حضرت سیّدنا سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضورِ اقدس، شفیع محشر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوکر اپنی مفلسی کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو اور اگر کوئی نہ ہو تو مجھ پر سلام عرض کرو اور ایک بار قل ھو اللہ شریف پڑھو۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا پھر اللہ تعالیٰ نے اس کو اتنا مالا مال کردیا کہ اس نے اپنے ہمسائیوں اور رِشتہ داروں کی بھی خدمت کی۔ (الجامع الاحکام القرآن، للقرطبی)

مومنین کیلئے دعا کرنا

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو ہر روز مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کیلئے ستائیس بار استغفار (یعنی ان کی مغفرت و بخشش کیلئے دعا) کرے، ان لوگوں میں ہو جن کی دعا قبول ہوتی ہے اور جن کی برکت سے خلق کو روزی ملتی ہے۔ (الجامع الصغیر)

رجوع الی اللہ

حضرت سیّدنا عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم، شفیع معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو دنیا سے قطع تعلق کر کے اللہ عزّ وجل کی بارگاہ میں آجائے گا اللہ عزّ وجل اس کی ہر معاملہ میں کفایت فرمائے گا اور جو (اللہ عزّ وجل کو چھوڑ کر) دنیا کی طرف آئے گا اللہ عزّ وجل اس کا معاملہ دنیا کے سپرد کر دے گا۔ (مجمع الزوائد، کتاب الزہد)

اللہ عزّ وجل پر کامل بھروسہ کرنا

حضور سیّدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم اللہ تعالیٰ پر مکمل طور پر توکل کرو تو وہ تمہیں ایسے بلا تکلف روزی پہنچائے گا جیسے پرندوں کو کہ وہ صبح بھوکے جاتے ہیں تو شام کو پیٹ بھر کر آتے ہیں۔ (تفسیر روح البیان، پ ۲۸، الطلاق)

کھانے کا وضو محتاجی دور کرتا ہے

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کھانے سے پہلے اور بعد میں وضو کرنا محتاجی کو دور کرتا ہے اور یہ مرسلین (علیہم السلام) کی سنتوں میں سے ہے۔ (المعجم الاوسط)

☆ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو یہ پسند کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کے گھر میں خیر زیادہ کرے تو جب کھانا حاضر کیا جائے وضو کرے اور جب اُٹھایا جائے اس وقت بھی وضو کرے یعنی ہاتھ منہ دھوئے۔ (سنن ابن ماجہ)

کثرتِ استغفار

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ جو مسلمان کثرتِ استغفار کو لازم کرے اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہر تنگی سے نجات کی صورت بنا دیتا ہے اور ہر غم و گھبراہٹ کو دور کر دیتا ہے اور اس کو ایسے طور پر رزق پہنچاتا ہے جہاں سے اسے گمان تک نہیں ہوتا۔ (سنن ابی داؤد)

ہمیشہ باوضو رہنا

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کسی صحابی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فقر و فاقہ کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہمیشہ باوضو رہا کرو تمہارے رزق میں برکت ہوگی۔ (تفسیر روح البیان، پ۲۸، الطلاق)

سورۂ واقعہ کی تلاوت

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا، جس نے ہر رات سورۂ واقعہ کی تلاوت کی اسے کبھی فاقہ نصیب نہیں ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

چاشت کی نماز پڑھنا

سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے کہ چاشت کی نماز رزق کو فراہم اور فقر کو دور کرتی ہے۔ (نزہۃ المجالس)

درود و سلام کی کثرت

صاحبِ تحفۃ الاخیار نے یہ حدیثِ پاک نقل کی ہے کہ سرکارِ نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو مجھ پر روزانہ پانچ سو بار دُرود شریف پڑھے وہ کبھی محتاج (تنگدست) نہ ہوگا۔

پھر اس حدیثِ پاک کو نقل کرنے کے بعد یہ واقعہ بیان فرمایا، ایک نیک آدمی تھا اس نے یہ حدیث سنی تو غلبۂ شوق کیساتھ پانچ سو بار دُرود شریف کا روزانہ وِرد شروع کر دیا اس کی برکت سے اللہ (عزّ وجل) نے اس کو غنی کر دیا اور ایسی جگہ سے اسے رزق عطا فرمایا کہ اسے پتا بھی نہ چل سکا حالانکہ اس سے پہلے وہ مفلس اور حاجتمند تھا۔ (تحفۃ الاخیار)

تنگدستی کے 44 اسباب

قبلہ شیخ طریقت، امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اپنی مشہور زمانہ تصنیف **فیضانِ سنت** کے باب آدابِ طعام میں صفحہ 88 تا 90 پر تحریر فرماتے ہیں۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جس طرح روزی میں برکت کی وجوہات ہیں اِسی طرح روزی میں تنگی کے بھی اسباب ہیں اگر ان سے بچا جائے تو اِن شاءَ اللہ عزّ وجل روزی میں برکت ہی برکت دیکھیں گے۔ آپ کی معلومات کیلئے تنگدستی کے 44 اسباب عرض کرتا ہوں۔

(۱) بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا (۲) ننگے سر کھانا (۳) اندھیرے میں کھانا کھانا (۴) دروازے پر بیٹھ کر کھانا (۵) میّت کے قریب بیٹھ کر کھانا (۶) جِنابَت (یعنی جماع یا احتلام کے بعد غسل سے قبل) کھانا کھانا (۷) چارپائی پر بغیر دسترخوان بچھائے کھانا (۸) نکلے ہوئے کھانے میں دیر کرنا (۹) چارپائی پر خود سرہانے بیٹھنا اور کھانا پائینتی (یعنی جس طرف پاؤں کئے جاتے ہیں اس حصے) کی جانب رکھنا (۱۰) دانتوں سے روٹی کُتَرنا (برگر وغیرہ کھانے والے بھی احتیاط فرمائیں) (۱۱) چینی یا مٹّی کے ٹوٹے ہوئے برتن استعمال میں رکھنا خواہ اِس میں پانی پینا (برتن یا کپ کے ٹوٹے ہوئے حصے کی طرف سے پانی، چائے وغیرہ پینا مکروہ ہے، مٹی کے دراڑ والے یا ایسے برتن جس کے اندرونی حصے سے تھوڑی سی بھی مٹی اُکھڑی ہوئی ہو اُس میں کھانا نہ کھایئے کہ میل کچیل اور جراثیم پیٹ میں جا کر بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں) (۱۲) کھائے ہوئے برتن صاف نہ کرنا (۱۳) جس برتن میں کھانا کھایا اُسی میں ہاتھ دھونا (۱۴) خِلال کرتے وقت جو ریشہ و ذرّات وغیرہ دانتوں سے نکلے اسے پھر منہ میں رکھ لینا (۱۵) کھانے پینے کے برتن کھلے چھوڑ دینا (کھانے پینے کے برتن بسم اللہ کہہ کر ڈھانپ دیئے جائیں کہ بلائیں اُترتی ہیں اور خراب کر دیتی ہیں پھر وہ کھانا اور مشروب بیماریاں لاتا ہے) (۱۶) روٹی کو خوار رکھنا کہ بے اَدبی ہو اور پاؤں میں آئے۔ (ملخص از: سنی بہشتی زیور، ص ۵۹۵ تا ۶۰۱)

حضرت سیّدنا امام برہان الدین زَرنُوجی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تنگدستی کے جو اسباب بیان فرمائے ہیں اُن میں یہ بھی ہیں:۔

(۱۷) زیادہ سونے کی عادت (اس سے جہالت بھی پیدا ہوتی ہے) (۱۸) ننگے سونا (۱۹) بے حیائی کے ساتھ پیشاب کرنا (لوگوں کے سامنے عام راستوں پر بلاتکلف پیشاب کرنے والے غور فرمائیں) (۲۰) دسترخوان پر گرے ہوئے دانے اور کھانے کے ذرّے وغیرہ اُٹھانے میں سستی کرنا (۲۱) پیاز اور لہسن کے چھلکے جلانا (۲۲) گھر میں کپڑے سے جھاڑو نکالنا (۲۳) رات کو جھاڑو دینا (۲۴) کوڑا گھر ہی میں چھوڑ دینا (۲۵) مشائخ کے آگے چلنا (۲۶) والدین کو ان کے نام سے پکارنا (۲۷) ہاتھوں کو گارے یا مٹی سے دھونا (۲۸) دروازے کے ایک حصے سے ٹیک لگا کر کھڑے ہونا (۲۹) بیت الخلاء میں وضو کرنا (۳۰) بدن ہی پر کپڑا وغیرہ سی لینا (۳۱) چہرہ لباس سے خشک کر لینا (۳۲) گھر میں مکڑی کے جالے لگے رہنے دینا (۳۳) نماز میں سستی کرنا (۳۴) نمازِ فجر کے بعد مسجد سے جلدی نکل جانا (۳۵) صبح سویرے بازار جانا (۳۶) دیر گئے بازار سے آنا (۳۷) اپنی اولاد کو 'کوسنیں' (یعنی بددُعائیں) دینا (اکثر عورتیں بات بات پر اپنے بچوں کو بددعائیں دیتی ہیں اور پھر تنگدستی کے رونے بھی روتی ہیں) (۳۸) گناہ کرنا خصوصاً جھوٹ بولنا (۳۹) چراغ کو پھونک سے مار کر بجھا دینا (۴۰) ٹوٹی ہوئی کنگھی استعمال کرنا (۴۱) ماں باپ کیلئے دعائے خیر نہ کرنا (۴۲) عِمامہ بیٹھ کر باندھنا اور (۴۳) پاجامہ یا شلوار کھڑے کھڑے پہننا (۴۴) نیک اعمال میں ٹال مٹول کرنا۔ (تعلیم المتعلم طریق التعلیم، ص۷۳تا۷۶)

اللہ عزَّ وجل سے دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ فقیر کی اس کاوش کو اپنے دربار میں مقبول فرمائے اور اسے عوام وخواص کیلئے نافع اور موثر بنائے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ساری اُمت کو تنگیٔ رزق سے بچائے اور وسعتِ رزق کی بہاریں نصیب فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کشائشِ رزق کے مؤثر وظائف

حصولِ ملازمت کے بعد طلبِ خیر و برکت اور کشائشِ رزق کا مرحلہ پیش آتا ہے۔ ہر شخص کی تمنا و کوشش یہی ہوتی ہے کہ اسکے رزق میں خیر و برکت اور مزید کشائش پیدا ہو، اس سلسلے میں اکثر نادان ذرائع حرام تک اختیار کرنے میں احتیاط نہیں کرتے اور حرام و حلال کی تمیز کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں۔

جبکہ کچھ ایسے خوش نصیب لوگ بھی دیکھنے میں آتے ہیں کہ رزق حلال ہی میں خیر و برکت اور کشائش کے طلبگار ہوتے ہیں، ایسے ہی معزز و مکرم افراد کی حوصلہ افزائی کیلئے خیر و برکت اور کشائش رزق کے چند مؤثر اور آزمودہ وظائف قلمبند کئے جاتے ہیں۔ اللہ عزّ وجل تمام مسلمانوں کے رزقِ حلال میں برکت و کشائش پیدا فرمائے۔ آمین

خیر و برکت کا بہترین عمل

خیر و برکت اور وسعت کیلئے نہایت معتبر عمل ہے، مگر قدردانوں کی کمی ہے۔ جب روپیہ یا رقم کسی سے لے تو **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** پڑھ کر لیں اور جب کسی کو دیں تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ o پڑھ کر دیں، اگر اس پر کچھ دن پابندی کر لیں تو نہ کسی کو دینے میں کمی آئے گی اور نہ آمد میں کمی ہوگی۔ غرضیکہ کم آمدنی میں بھی خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ اکثر دستِ غیب کا گمان ہونے لگتا ہے۔

فقر و افلاس دور کرنے کا عمل

جو شخص فقر و افلاس میں مبتلا ہو جائے اور اس مصیبت سے نکلنے کی کوئی صورت نہ بن رہی ہو تو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ دُرود شریف پڑھے اور 100 مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے۔ اور مستقل طور پر اس عمل پر کاربند رہے، اِن شاءَ اللہ عزّ وجل گیارہ دن کے اندر اندر وسعت و خیر و برکت کے اثرات ظہور پذیر ہوں۔ (کوشش کریں کہ سارا دن باوضو رہیں، مدتِ عمل تا حصولِ مراد)

کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو

بعد نمازِ عشاء وِتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعد یَا لَطِیْفُ 100 بار اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دَم کر کے سینے پر گردن کے نزدیک دائیں بائیں ہاتھ پھیر لیا کرے فراخی رزق کیلئے نہایت ہی مؤثر ہے۔ (مدتِ عمل تا حصولِ مراد)

کشائشِ رزق کے مؤثر وظائف

حصولِ ملازمت کے بعد طلبِ خیر و برکت اور کشائشِ رزق کا مرحلہ پیش آتا ہے۔ ہر شخص کی تمنا و کوشش یہی ہوتی ہے کہ اسکے رزق میں خیر و برکت اور مزید کشائش پیدا ہو، اس سلسلے میں اکثر نادان ذرائع حرام تک اختیار کرنے میں احتیاط نہیں کرتے اور حرام و حلال کی تمیز کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں۔

جبکہ کچھ ایسے خوش نصیب لوگ بھی دیکھنے میں آتے ہیں کہ رزق حلال ہی میں خیر و برکت اور کشائش کے طلبگار ہوتے ہیں، ایسے ہی معزز و مکرم افراد کی حوصلہ افزائی کیلئے خیر و برکت اور کشائش رزق کے چند مؤثر اور آزمودہ وظائف قلمبند کئے جاتے ہیں۔ اللہ عزّ وجل تمام مسلمانوں کے رزقِ حلال میں برکت و کشائش پیدا فرمائے۔ آمین

خیر و برکت کا بہترین عمل

خیر و برکت اور وسعت کیلئے نہایت معتبر عمل ہے، مگر قدردانوں کی کمی ہے۔ جب روپیہ یا رقم کسی سے لے تو **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** پڑھ کر لیں اور جب کسی کو دیں تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ o پڑھ کر دیں، اگر اس پر کچھ دن پابندی کر لیں تو نہ کسی کو دینے میں کمی آئے گی اور نہ آمد میں کمی ہوگی۔ غرضیکہ کم آمدنی میں بھی خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ اکثر دستِ غیب کا گمان ہونے لگتا ہے۔

فقر و افلاس دور کرنے کا عمل

جو شخص فقر و افلاس میں مبتلا ہو جائے اور اس مصیبت سے نکلنے کی کوئی صورت نہ بن رہی ہو تو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ دُرود شریف پڑھے اور 100 مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے۔ اور مستقل طور پر اس عمل پر کاربند رہے، اِن شاءَ اللہ عزّ وجل گیارہ دن کے اندر اندر وسعت و خیر و برکت کے اثرات ظہور پذیر ہوں۔ (کوشش کریں کہ سارا دن باوضو رہیں، مدتِ عمل تا حصولِ مراد)

کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو

بعد نمازِ عشاء وِتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعد یَا لَطِیْفُ 100 بار اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دَم کر کے سینے پر گردن کے نزدیک دائیں بائیں ہاتھ پھیر لیا کرے فراخی رزق کیلئے نہایت ہی مؤثر ہے۔ (مدتِ عمل تا حصولِ مراد)

روزگار میں خیر و برکت کا عمل

خیر و برکت اور مزید کشائش کیلئے بعد نمازِ فجر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا فَتَّاحُ یَا وَھَّابُ یَا وُدُوْدُ کی تین تسبیح پڑھنا نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے، اِن شاءَ اللہ عزّ وجل تین ہفتوں میں وہ برکت دیکھنے میں آئے کہ گمان نہ ہو۔ اوّل و آخر تین بار دُرود شریف پڑھیں۔ (مدت عمل تا حصولِ مراد)

رزق میں وسعت کیلئے

وسعتِ رزق کیلئے بعد نمازِ تہجد 1100 مرتبہ اسمائے مبارکہ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ پڑھ کر اپنے جائز و حلال رزق میں وسعت کیلئے دعا کرنا مطلوبہ مقصد میں شاندار کامیابی کے حصول کیلئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

سات پشتوں تک وسعت و برکت

وسعتِ رزق کی شاندار برکات کیلئے درج ذیل وظیفہ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے اس وظیفہ کے عامل کے گھر میں خیر و برکت کا وہ عالم ہوتا ہے کہ یہ وسعت و برکت سات پشتوں تک جاری رہتی ہیں۔ عمل نہایت آسان اور لاجواب ہے مگر عمل کرنے والوں کی کمی ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقْنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

ہر فرض نماز کے بعد تین بار اور سوتے وقت اِکیس بار وِرد کرنا معمول رکھیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

بے گمان رزق ملے

جو شخص دن کی پہلی ساعت میں (یعنی سورج نکلنے کے فوراً بعد) 308 مرتبہ اَلرَّازِقُ کا وِرد کرے تو اس دن اُسے کسی قسم کی تنگی درپیش نہ ہوگی اور سارا دن خوشگوار گزرے گا اور وہاں سے رزق ملے گا کہ وہم و گمان میں نہ ہو، اگر اس عمل کو معمول بنالیا جائے تو ساری زندگی رزق و روزگار میں تنگی کی شکایت نہ رہے۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

زیادتی مال اور وسعتِ رزق

کشائش رزق اور ترقی روزگار کیلئے بعد نمازِ فجر قبلہ رو بیٹھ کر حصولِ برکت کی نیت سے 1968 مرتبہ ان اسمائے مبارکہ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ کا بلاناغہ وِرد کریں اِن شاءَاللہ عزوجل وسعتِ رزق کی بے بہا دولت ہاتھ آئے۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔ (مدت عمل چار ماہ)

برائے فراوانی رزق

فراوانی رزق اور کشائش خیر و برکت کیلئے درج ذیل عمل نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے۔

بعد نمازِ فجر مصلّٰی پر بیٹھ کر بغیر بات چیت کئے 500 مرتبہ استغفار پڑھے اور 500 مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کے بعد 41 مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے اور اپنے رزق و روزگار کیلئے دعا کرے۔ اِن شاءَاللہ العزیز تین ہفتوں میں لاجواب کامیابی حاصل ہو۔

بے گمان رزق کا لاجواب عمل

حصولِ وسعتِ روزگار اور بے گمان رزق کیلئے نہایت مفید اور آزمودہ عمل ہے۔

طلوعِ آفتاب کے وقت سورج کی طرف رُخ کر کے 300 بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور 300 مرتبہ دُرود شریف پڑھے تو اللہ عزوجل پڑھنے والے کو بے گمان رزق عطا فرمائیگا مگر چاہئے کہ اس عمل کا کسی پر اظہار مت کریں۔ (مدت عمل حسبِ خواہش)

کشائشِ رزق کا بہترین عمل

و من یتق اللّٰہ یجعل لہ مخرجا لا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ط و من یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبہ ط ان اللّٰہ بالغ امرہٖ ط قد جعل اللّٰہ کل شی قدرا o (الطلاق:۲،۳)

کشائشِ رزق کیلئے مندرجہ بالا آیات نہایت مجرب ہیں روزی میں وسعت اور خیر و برکت کیلئے مذکورہ بالا آیات کا درج ذیل عمل نہایت مؤثر ہے۔

یہ عمل جمعرات جمعہ یا پیر کے دن سے شروع کریں، 39 روز تک بعد نمازِ فجر ان آیات کو 159 بار پڑھیں اور عمل کے اختتام پر وسعتِ رزق کیلئے دعا کریں اور چالیسویں دن 179 مرتبہ پڑھیں یعنی 20 کا اضافہ کریں، اس کی مجموعی تعداد 6380 مرتبہ ہوجائے گی۔ چالیس دن کے عمل سے اِن شاءَ اللہ عزوجل رزق میں ایسی وسعت اور برکت ہو کہ عقل دنگ رہ جائے۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھے۔

وسعتِ رزق کا مسنون و مجرب عمل

حصول وسعت روزگار اور اس کے بہترین اثرات کے مشاہدے کیلئے درج ذیل عمل نہایت سریع الاثر ہے۔

جمعۃ المبارک کے دن بعد نمازِ جمعہ یہ دعا 70 بار پڑھے اور اپنے روزگار میں وسعت اور برکت کی دعا کرے، اِن شاءَ اللہ العزیز دو جمعہ نہ گزرنے پائیں گے کہ وسعت و برکت کے اثرات ظاہر ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

اوّل و آخر سات بار دُرود شریف پڑھے۔ (مدت عمل حسبِ خواہش)

افزائشِ خیر و برکت

عروج ماہ (اسلامی ماہ کے پہلے ہفتے) میں شروع کریں اور ہر روز بعد نمازِ عشاء 72 مرتبہ یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھے اِن شاءَ اللہ العزیز کبھی کسی کا دستِ نگر نہ ہو، غیب سے روزی ملے۔ (مدت عمل 90 دن)

اگر تنخواہ پوری نہ ہوتی ہو تو .....

اکثر اوقات ضروریاتِ زندگی میں وسعت کی بناء پر ماہانہ اخراجات حد سے بڑھ جاتے ہیں کہ جس کے نتیجے میں گھر میں بے سکونی کی فضاء قائم ہو جاتی ہے اور اکثر لڑائی جھگڑے جنم لیتے رہتے ہیں ایسے حالات میں اپنی خواہشات پر کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ بعد نمازِ فجر 1000 مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اور 1000 مرتبہ یَا وَھَّابُ کا وِرد معمول بنالیں۔ اِن شاءَ اللہ العزیز اُسی رقم سے تمام معاملات حل ہو جائیں گے۔ (مدت عمل 90 دن) 90 دن کے بعد 1000 کی بجائے 100 مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

تنخواہ میں اضافہ کا وظیفہ

تنخواہ میں ترقی کیلئے بروز جمعہ بعد نمازِ جمعہ 313 مرتبہ آیۃ الکرسی اور 313 مرتبہ یَا وَھَّابُ کا وِرد کریں۔ عمل کے اختتام پر ترقی تنخواہ کیلئے دعا کریں۔ اِن شاءَ اللہ العزیز سات جمعوں تک دلی خواہش پوری ہو۔

اگر بعد نمازِ جمعہ وقت نہ ملے تو بروز جمعہ بعد نمازِ فجر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔

تجارت اور کاروبار میں ترقی کے مستند وظائف

رزقِ حلال میں وسعت اور کاروبار میں دن دُگنی رات چوگنی ترقی کی خواہش کرنا ہر انسان کی سوچ کا حصہ ہے اس سوچ کے پیشِ نظر انسان رات دن اپنے کاروبار میں مصروف دکھائی دیتا ہے۔ کاروبار میں وسعت اور ترقی کی خواہش کرنا عندالشرع کوئی معیوب اور ممنوع نہیں، جبکہ اس وسعتِ رزق کے ساتھ حقوق اللہ (عزّ وجل) اور حقوق العباد میں فرق نہ آنے پائے اور نہ ہی اس مال کو اپنا ذاتی کمال جانتے ہوئے اسے صورت بخل جمع کرنا شروع کردے۔

جو بندگانِ خدا اپنے مال کو اللہ عزّ وجل کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور دینِ اسلام کی سر بلندی کے عزائم بلند رکھتے ہیں، ان کیلئے کاروبار میں مزید وسعت کی تمنا کرنا نہایت محبوب اور محمود عمل ہے، ایسے ہی مخلص اور دیانتدار انسانوں کی اس خواہش کے پیشِ نظر راقم الحروف تجارت اور کاروبار میں ترقی کے چند مستند وظائف قلمبند کرتا ہے۔ اللہ عزّ وجل تمام مسلمانوں کو حصولِ رزقِ حلال کے بعد اسے جائز اور حلال کاموں میں خرچ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تجارت میں نفع کا بہترین عمل

جس شخص کی تجارت میں نفع کی شرح کم ہوتی جارہی ہو یا لوگوں کا اس کے کاروبار کی طرف رُجحان کم ہوتا جارہا ہو تو چاہئے کہ بعد نمازِ فجر سورۂ کافرون اور سورۂ نصر دونوں کو ملا کر چالیس مرتبہ پڑھا کرے، اِن شاءَ اللہ العزیز چالیس دِنوں میں نفع کی شرح میں اضافہ ہو اور عوام وخواص کا رجحان بڑھے۔ مفید اور آسان عمل ہے۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

ترقی رزق کا انمول عمل

ترقیٔ رزق کیلئے سورۂ مزمل کا عمل لاجواب تاثیر رکھتا ہے چاہئے کہ بعد نمازِ عشاء یا فجر اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف کے چالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف ترقیٔ رزق کی نیت سے پڑھیں اور چالیس دن مکمل عمل کریں۔

اس عمل کی تعریف تحریر میں نہیں آسکتی۔ چالیس دن کے بعد روزانہ بعد نمازِ فجر اور عشاء ایک بار یا تین بار سورۂ مزمل پڑھنا معمول رکھیں۔

ترقیٔ رزق کا سریع الاثر عمل

بعد نمازِ عشاء تنہائی میں بیٹھ کر اس عمل کو اختیار کریں۔ اِن شاءَ اللہ العزیز رزق وروزگار میں بے حد ترقی اور برکت ہوگی۔

اوّل گیارہ بار دُرودِ ابراہیمی، پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیُ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل، پھر گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا مانگ لیا کرے، نمازِ پنجگانہ میں سستی یا معاذ اللہ قضا ہونے کی صورت میں عمل ضائع ہوجانے کا خطرہ ہے۔

عمل یَا وَھَّابُ برائے ترقیٔ تجارت

ترقیٔ تجارت کیلئے بعد نمازِ عشاء چالیس دن متواتر 4444 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے خلوص دل سے دعا مانگیں۔ اِن شاءَ اللہ العزیز چالیس دن کے اندر اندر ترقی تجارت کے اسباب کشادہ ہوں اور نہایت وسعت اور برکت نصیب ہو۔ اس عمل کا کسی پر اظہار نہ کریں ورنہ برکات سے محرومی ہے۔

وسعتِ کاروبار کا لاجواب عمل

وسعتِ کاروبار اور کاروباری نقصانات سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل عمل نہایت مؤثر ہے۔

بعد نمازِ فجر بغیر بات چیت کے اُسی جگہ بیٹھ کر یہ دُرود شریف ایک سو گیارہ بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صِلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ o

پھر 489 مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھے اور ایک سو گیارہ مرتبہ مذکورہ دُرود شریف پڑھے۔ وسعتِ رزق اور ترقی کاروبار و تجارت اور دیگر فتوحات غیبی کیلئے اس سے بہتر اور سہل وظیفہ شاید ہی کسی کتاب میں ملے۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

حصولِ دولت اور کشائش روزگار

حصولِ دولت میں اضافہ کی نیت سے روزانہ بلا ناغہ بعد نمازِ فجر 350 مرتبہ آیاتِ مبارکہ کا وِرد کرنا نہایت مجرب اور آزمودہ ہے، برکاتِ رزق شروع ہونے پر اس عمل کو ترک نہ کرے بلکہ کم از کم ایک سال تک جاری رکھے، اس مدت کے بعد فقط 41 مرتبہ مستقل وِرد میں رکھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف پڑھے۔ (اس عمل کے قدردان کم ہی دیکھنے میں آتے ہیں)

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ ج یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ لا

یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ o

(آل عمران، آیت نمبر ۷۳، ۷۴)

عمل یَا وَھَّابُ برائے ترقیٔ تجارت

ترقیٔ تجارت کیلئے بعد نمازِ عشاء چالیس دن متواتر 4444 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے خلوص دل سے دعا مانگیں۔ اِن شاءَ اللہ العزیز چالیس دن کے اندر اندر ترقی تجارت کے اسباب کشادہ ہوں اور نہایت وسعت اور برکت نصیب ہو۔ اس عمل کا کسی پر اظہار نہ کریں ورنہ برکات سے محرومی ہے۔

وسعتِ کاروبار کا لاجواب عمل

وسعتِ کاروبار اور کاروباری نقصانات سے محفوظ رہنے کیلئے درج ذیل عمل نہایت مؤثر ہے۔

بعد نمازِ فجر بغیر بات چیت کے اُسی جگہ بیٹھ کر یہ دُرود شریف ایک سو گیارہ بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صِلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ o

پھر 489 مرتبہ یَا فَتَّاحُ پڑھے اور ایک سو گیارہ مرتبہ مذکورہ دُرود شریف پڑھے۔ وسعتِ رزق اور ترقی کاروبار و تجارت اور دیگر فتوحات غیبی کیلئے اس سے بہتر اور سہل وظیفہ شاید ہی کسی کتاب میں ملے۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

حصولِ دولت اور کشائش روزگار

حصولِ دولت میں اضافہ کی نیت سے روزانہ بلا ناغہ بعد نمازِ فجر 350 مرتبہ آیاتِ مبارکہ کا وِرد کرنا نہایت مجرب اور آزمودہ ہے، برکاتِ رزق شروع ہونے پر اس عمل کو ترک نہ کرے بلکہ کم از کم ایک سال تک جاری رکھے، اس مدت کے بعد فقط 41 مرتبہ مستقل وِرد میں رکھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف پڑھے۔ (اس عمل کے قدردان کم ہی دیکھنے میں آتے ہیں)

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ ج یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ لا

یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ o

(آل عمران، آیت نمبر ۷۳، ۷۴)

فراوانی مال و زر کا مجرب عمل

اس عمل کو اسلامی ماہ کی پہلی جمعرات سے شروع کریں۔

صبح نماز کے بعد اوّل و آخر 21 مرتبہ دُرود شریف اور 21 مرتبہ سورۂ نصر (اِذا جاء نصر اللہ والفتح) پڑھیں۔

بعد نمازِ ظہر اوّل و آخر 22 مرتبہ دُرود شریف اور 22 مرتبہ سورۂ نصر.....

بعد نمازِ عصر اوّل و آخر 23 مرتبہ دُرود شریف اور 23 مرتبہ سورۂ نصر.....

بعد نمازِ مغرب اوّل و آخر 24 مرتبہ دُرود شریف اور 24 مرتبہ سورۂ نصر.....

بعد نمازِ عشاء اوّل و آخر 25 مرتبہ دُرود شریف اور 25 مرتبہ سورۂ نصر.....

اب اس عمل کو مستقل وِرد میں رکھیں، اِن شاءَ اللہ العزیز چند ہی روز میں مال و زر میں زبردست اضافہ ہوگا اور آمدنی میں بے پناہ اضافہ اور کثرت ہو۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

غیب سے اسباب وسعت پیدا ہوں

فرائض پنجگانہ کے بعد 41 مرتبہ مندرجہ ذیل آیت کا وِرد کرنا وسعت اسباب رزق کیلئے انتہائی مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَ اٰیَۃً مِّنْکَ ج وَارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (المائدہ، آیت نمبر ۱۱۴)

اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف ضرور پڑھے۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

فتوحات کی کنجی

سورۃ الفتح آیت نمبر ا تا ۵ تک پانچ آیتوں کا روزانہ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا تمام فتوحات و برکات کی کنجی ہے غیب سے روزی پہنچے کشائش و خیر و برکت کثیر پیدا ہو اور دن بھر بیشمار قسم کی نعمتیں میسر آئیں عجیب و غریب وظیفہ ہے۔
اوّل و آخر گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔ (مدت عمل تا حصولِ مراد)

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ (سورۃ الفتح: ۱ تا ۵)

غیبی امداد کیلئے

غیبی امداد کیلئے حصول اور اچانک کسی حاجت کی تکمیل کیلئے یہ عمل نہایت مبارک تحفہ ہے۔
چاہئے کہ نصف شب تازہ وضو کرے عطر لگا کر دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور بعد سلام کے یہ وظیفہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	گیارہ مرتبہ
يَا عَزِيْزُ	گیارہ سو مرتبہ
يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ	گیارہ مرتبہ

اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار دُرود شریف پڑھیں۔ اِن شاءَ اللہ عزّ وجل حصولِ امداد کے تمام مراحل بحسن خوبی پورے ہوں گے۔
(مدت عمل تا حصول مراد)

حصولِ دولت کا مجرب عمل

مال و دولت کے طالب کو چاہئے کہ دس جمعے پے در پے ہر جمعہ کو دس دس ہزار بار اَلْغَنِيُّ اَلْمُغْنِيُ کا وظیفہ کرے اور اس دوران بدبودار اشیاء (پیاز، لہسن، تمباکو) سے پرہیز کرے۔ اس عمل کو کئی افراد نے آزمایا ہے اور نہایت مجرب پایا ہے۔

کاروبار میں دن دُگنی رات چوگنی ترقی ہو

دن دُگنی رات چوگنی ترقی کیلئے یہ عمل لاکھوں میں ایک ہے جس قدر آسان ہے اِسی قدر زود اثر اور مجرب بھی ہے۔ پنجگانہ نماز کے بعد 308 مرتبہ یَا رَزَّاقُ پڑھ کر اپنے کاروبار کیلئے دعا کریں اور رات کو سوتے وقت 1308 مرتبہ بغیر بات چیت کئے سو جائیں اِن شاءَ اللہ عزّ وجل کاروبار میں ایسی وسعت ہو کہ دیکھنے والے رَشک کریں۔ (مدت عمل تا حصول مراد)

کشادگی روزگار اور وسعت و برکت کا عمل

مطلوبہ مقصد کی تکمیل کا ایک کامل ذریعہ اسم مبارکہ یَا بَاسِطُ کا وِرد بھی ہے۔

